Since the several coups and countercoups have rocked Bangladesh. The present ruler Gen. Ziaur Rahman has managed to stay put by exterminating opponents and exiling those who brought him to power.

But beyond the internal rivalries, it is the external scene that will largely determine Bangladesh's future; the only countries interested in Bangladesh are Pakistan and India for different reasons. India's policy has always been hegemony in the entire region and Pakistan's breakup was a major step in this direction but the latter is still "the main and only effective obstacle" (136) in its way. But "Pakistan cannot hope to contain Indian expansionism except by building herself up as a strong military power and by regaining the eastern bases which gave her such an advantage vis-a-vis India until 1971." (p 137)

The only sensible and logical course for Bangladesh and Pakistan is the reunification of the two wings but it is paved with problems and dangers. These have to be overcome by careful policies and by healing the wounds of the tragic civil war of 1971. Failure to comprehend the significance of this would have disastrous consequences for both Pakistn and Bangladesh.

Dr. Rahman is a Bangali Muslim deeply involved in the affairs of Bangladesh. His graps of South Asian politics is impressive and it is with this background that he has made an extremely useful contribution towards understanding the feelings of a large section of the East Pakistani population whose cries were drowned in the din of the secessionist movement. Despite its occasional emotional tone, Dr. Rahman's book is perhaps the best analysis of the East Pakistan tragedy to emerge since the civil war and should be essential reading for those who wish to understand what happened and why in the tormented history of Bangladesh. □

THE PROPHET IN THE POETRY OF IQBAL

By G.A. Moledina



The topic is approached under five headings:-

1. Influence of parents,
2. Elementary instruction and environment,
3. Influence of teachers,
4. Impact of Ghalib and Hali and
5. Deep study of philosophy, history, Islam and other religions, the Qur'an, life of the Prophet and the poet's observation of the state of the Muslims during his lifetime.

Iqbal's father was a very pious person; he also possessed mystic temperament, kept company with Sufis from whom he acquired a great deal of mystic knowledge but did not lead a life of recluse; on the contrary he carried on the vocation of tailoring and supported his family.

Iqbal's mother was a deeply religious woman; she was conscious of iman (belief) and ihsan (right doing). Three instances are cited to show the devotion of the parents of Iqbal to Islam.

A beggar once appeared at the door of Iqbal's house and like most beggars in the sub-continent incessantly demanded alms. Iqbal lost his temper and hit him with a stave. Consequently, the harvest of his beggary spilled from his hands. Iqbal's father saw this and in anguish tears rolled from his cheeks. This incident is recorded in the philosophical poem Rumuz-i-Bekhudi. The father said 'On the day of Resurrection the followers of the Prophet Muhammad including the ghazian (warriors of the millat)' the martyrs, the learned and the sinful, will gather around him. Then in the midst of this company the suffering beggar's cries will attract the Prophet's attention and he will ask me:

... 'God to thee Committed a young Muslim, and he won No portion of instruction from my school; What, was this labour too, too hard for thee So that that heap of clay became not man'? What am I to say to my master?' Finally the father advised the son saying:

Reflect a little, son and bring to mind The last great gathering of the Prophet's fold; Look once again on my white beard; and see How now I tremble between fear and hope; Do not they father this foul injury, O put him not to shame before his Lord!, and concluded:


غنچۂ از شاخسارِ مصطفیٰؐ
گل شو از بادِ بہارِ مصطفیٰؐ
از بہارش رنگ و بو باید گرفت
بہرۂ از خلقِ او باید گرفت

Thou art a bud burst from Muhammad's branch; Break into bloom before the genial breeze Of his warm spring; win theee the scent and hue Of that sweet season; strive to gain for thee Some fragment of his character sublime!' Iqbal's father impressed upon him that when he read the Qur'an he should feel that Allah is speaking to him. Later Iqbal gave the same advice to Muslims.

ترے ضمیر پہ جب تک نہ ہو نزولِ کتاب
گرہ کشا ہے نہ رازی نہ صاحبِ کشاف

Unless the Book descends upon your spirit, no interpreter Razi, Razi the Rational Philosopher and Allama Zamakhshri respectively, nor he who wrote 'The Key' shall unravel the knot for you.

The standard of right doing of the poet's mother is seen in this incident.



Iqbal's father was working as a tailor for a local official who had purchased especially for him a new Singer sewing machine, which was then no object of curiosity. The mother suspected the legitmacy of the employer's income, believing that a large part of it had been derived from un-Islamic and illegal pursuits and thus refused to spend any part of her husband's income on herself. Eventually the father left the job and opened a small millinery of his own. Thus Iqbal was raised in a genuine Islamic atmosphere at home.

As for teachers, Iqbal studied Islamic studies and theology and the mechanics of classical Urdu and Persian poetry from Sayyid Mir Hasan and by far the most pervasive influence on Iqbal's intellectual development was that of Sir Thomas Arnold; the former recognised Iqbal's poetic talents and persuaded him to cultivate a refined taste and feeling for Persian and Arabic poetry, and the latter influenced Iqbal with his profound knowledge of western philosophy and deep understanding of Islamic culture and Arabic literature.

Very little is known as Ghalib's Persian poetry these days and particularly has N'ats (poems in praise of the Prophet). These, besides Ghali'bs Urdu poetry, influenced Iqbal. The influence of Hali and Iqbal is particularly due to that poet's sincerity, realism and humility. Iqbal was deeply influenced by Arz-i-Haal and Musaddas. He was very fond of listening to the stanzas in adoration of the Prophet which begin with the line

وہ نبیوں میں رحمت لقب پانے والا

The one among Prophets to win the title of Mercy.

While the influence of parents, teachers, Ghalib and Hali kindled in Iqbal love for the Prophet, it was still the love which a Muslim has for the Prophet owing to his faith. Besides studies in Europe, the impact of the European scene and the state of the Muslim world led Iqbal to study the Prophet's life and the Qur'an more intensely than ever before with a view to finding a solution for changing the condition of the Muslims. And as his study of the Qur'an and the Prophet's life deepened, Iqbal gradually became a true lover of the Prophet. (The next part of this article will deal with the subject is such detail as may be permitted. (To be continued)

Youth Forum

CONTEST

The *Crescent Youth Forum* invites any young readers (10-18 yrs. of age)to write a short essay about a funny or embarrassing situation that happened to them.

The best essay will be printed in the Youth Forum and a prize will be awarded to the writer.

Rules of this contest are as follows:
1. The essay must be written by a person in the designated age group.
2. The essay must be original and legible.
3. For 10-12 yrs. old, minimum words 150, 13-15 yrs. minimum words 200, 16-18 yrs. minimum words 300.

Deadline for this contest is September 30, 1978. To enter, send your essay to;

CRESCENT ESSAY CONTEST
338 HOLLYBERRY TRAIL
WILLOWDALE, ONT.
CANADA M2H 2P6

CLASSIFIED

WANTED IN LOS ANGELES

Young physician wants roommate, friend, companion. Prefer male employed or graduate student. Seperate room & bath $125/mo. Near beach, bus & plaza. Will help in relocation if needed. Write:
Dr. Kamal
256 So. Robertson Blvd.
Suite 7214
Bever.y Hills, CA. 90211 USA

MATRIMONIAL

Correspondence is invited for possible matrimony for a Pakistani Muslim man, well-educated, Canadian immigrant, age 35 years. K.A.M.c/o Cresent International.

PRIVATE SALE

A 5 bedroom Townhouse with 3 bathrooms private yard at Jane and Steeles. Price $58,500. For private sale only. Call:
Mrs. Tiffin at
(416)663-2271, Downsview




RELAX! YOUR RAMADHAN HIDING IS OVER

Muslim World

CAMP DAVID SUMMIT

While the US state department is trying to play down the expectations it has aroused, the Camp David Summit arranged by US President Jimmy Carter will not yield anything if there is no change in the Israeli position regarding occupied Arab territories, Jewish settlements and the refusal to accept the rights of the Palestinians to a homeland of their own.


The UN resolution 242 which was accepted by both the Arabs and Israel calls for withdrawal by Israel from occupied Arab lands. As members of the UN both sides are also signatories to the clause respecting the territorial integrity of member states.



Vance and President Sadat

Eleven years after occuping these land—and even longer than that for some other portions, Israel still keeps these lands in occupation treating its inhabitants in the most barbaric manner. Since 1967, Israel has systematically destroyed Arab villages, pushing its inhabitants out to create room for Jewish settlements. When there is resistance to such a policy, there are large scale military attacks in the name of security killing hundreds of people mercilessly and making further expansions.

Today's settlements in the West Bank of Jordan are being created in order to create frontiers for



King Hussain of Jordan

tomorrow which will be defended by further military attacks on Arab lands and peoples. The so-called "legitimate defence needs" syndrome is familiar and has often been used by Israel to push out its frontiers.

For instance, Israel's latest pronouncements have taken on a new dimension. For years now Israel has been violating Saudi air space who have complained to the US about these incidents. The Saudis are now building a military base at Tabuk, some 100 miles away from the Jordanian border and Israel considers it a military threat to its security. Israel may continue to expand, acquire any amount of weapons, occupy others' lands, blow up villages and people, carry out attacks into neighboring countries and continue to maintain military presence but if another sovereign state decides to move a tank or a plane into another area Israel considers that reason enough to attack.


Under such conditions, it will be a miracle if an agreement is reached at Camp David. Besides, simply refusing to accept the Palestinian identity does not solve the question of the Palestinian people. It is at the heart of the problem and must be solved otherwise Israel will never have peace even if it can subdue neighboring Arab governments for a little while longer.



Vance with Israeli Premier Menachem Begin at press conference

Late Concessions in Iran

TEHRAN—Following months of demonstrations against the Shah's repressive regime, the entire cabinet, led by Jamshed Amouzegar resigned on August 26, 78. A new prime minister, Sharif-Emami was sworn-in who tried to stem the tide of rising opposition by announcing ban on gambling casinos and bars in Iran. A week earlier, a cinema hall was set on fire burning 400 people inside which the Shah's regime blamed on "extremist Muslims." The Ibadan fire brigade, however, failed to arrive on the scene for over half an hour when most of the people inside the theatre were burnt beyond recognition.



60 Iranian Muslim Students staged a 7-day Hunger Strike on the Capitol Building, Washington.

Religious leader, led by the 81-year old Ayotullah Shariatmedari condemned the cinema fire and expressed deep sympathy with the relatives of the victims. They also accused the government of starting the fire to discredit the movement of the Iranian people against the Shah's repressive regime where thousands of people having been languishing in prison without trail.


By a strange coincidence, a few hours after the cinema fire, two hundred demonstrators appeared before, city hall in Ibadan demanding punishment for the 'Ulema'.

Demonstrations against the Shah's regime have continued since Nov. 1977 in which hundreds of people have been killed by the police or army. Martial law has also been in force in Isfahan province since about a month.

The major thrust of the demonstrators' demands is against the extreme repression of the Iranian people, abuse the public funds, corruption in high circles, including the Shah's close family, rising inflation, a reign of terror against dissidents and continued imprisonment including torture of thousands of opponents of the Shah's regime.

The new prime minister has tried to appease the rising tide of public sentiment by making concessions on gambling and easing political restrictions but it may already be too late. For 26 years the Iranian people have lived in a vast prison where their honour and dignity have been violated with impunity. The Shah's time may be up along with the bunch of his fascist cronies.

Sayings of Prophet Muhammed pbuh



GOODNESS AND THE CEMENTING OF RELATIONSHIP

*

One who cuts ties of relationship will not enter paradise.

*

A man said, 'Messenger of God, what rights can parents demand from their children?' He replied, 'They are your paradise and your hell'.

*

A man's reviling of his parents is one of the serious sins. He was asked, 'Messenger of God, does a man revile his parents?' and he replied, 'Yes, he reviles the father of a man who then reviles his father, and he reviles a man's mother and he reviles his'.

*

A man said, 'Messenger of God, who is most deserving of friendly care from me?' He replied, 'Your mother.' he asked who came next and he replied, 'Your mother.' He asked who came next and he replied, 'Your mother' He asked who came next and he replied, 'Your father.'

*

The Lord's good pleasure results from a father's good pleasure, and the Lord's displeasure results from a father's displeasure.

*

'May he be humbled; may he be humbled; may he be humbled!' He was asked about whom he was speaking and replied, 'The one who, having one or both parents, live to old age, does not enter paradise.'

*

Gabriel kept on commending the neighbour to me so that I thought he would make him an heir.

*

By Him in Whose hand my soul is, a man does not believe till he likes for his brother what he likes for himself.

پاکستان کی امداد بند کرنے کا سبب ری پروسیسنگ پلانٹ کی خریداری ہے

امریکی حکومت کا اعتراف، چھ کروڑ ڈالر کی غذائی امداد جاری رکھنے کا اعلان

نیویارک — امریکی حکام کے مطابق امریکہ نے پاکستان کی پوری امداد بند نہیں کی ہے، واشنگٹن میں پاکستانی سفارت خانے کے ایک ترجمان نے کہا کہ پاکستان کو چھ کروڑ ڈالر کی غذائی امداد بدستور ملتی رہے گی اور امریکہ محدود تعداد میں پاکستانی افسروں کو [illegible] ہے۔ ترجمان نے کہا کہ پالیسی کی بعض مصلحتوں کی وجہ سے صرف نئے منصوبوں کے لئے امداد پر نظرثانی کی جا رہی ہے۔ [illegible]

[illegible]

نصرت بھٹو نے مختلف حیلوں بہانوں سے لوگوں کو اکسانے کی کوشش کی: ایڈووکیٹ جنرل

لاہور — (نامہ نگار) لاہور ہائیکورٹ کے [illegible]

[illegible]

ولی خاں پشاور چلے گئے

اخباری نمائندوں کے سوالات کے جواب دینے سے انکار


راولپنڈی — (سپا) [illegible]

[illegible]

سعودی عرب کی خواتین کو دفاتر میں مردوں کے ساتھ کام کرنے کی ممانعت

قاہرہ — [illegible] سعودی عرب کی [illegible]

[illegible]



مختصر مختصر اشتہارات

ضرورت رشتہ

ایک ۲۲ سالہ سنی مسلمان پاکستانی لڑکی کے لیے رشتہ مطلوب ہے۔ لڑکی لندن انگلینڈ بینک میں برسر روزگار ہے۔ تعلیم بی۔ اے ہے۔ لڑکے کا مسلمان اور تعلیم یافتہ ہونا ضروری ہے۔ پہلے ہی خط میں جملہ کوائف لکھ بھیجئے۔ یا شام کو اس فون پر بات کریں۔

(416) 281-9864
ABID H. QURESHI
15 NISCO ROAD
DOLLARD, MONTREAL
H9G 2P7

ضرورت ہے

ایک چھوٹی سی مسلم فیملی کے ساتھ ٹاؤن ہاؤس میں پیئنگ گیسٹ کی حیثیت سے رہائش کیلئے سنگل لڑکے یا لڑکی کی ضرورت ہے۔ فون اور ٹی۔وی کے ساتھ فرنیشڈ بیڈروم کا انتظام ہے نیز دفتر سے دور مشرقی فیملیز مقیم امریکہ و کینیڈا سے ملاقات اور سیاحت کے لیے اچھے دوست درکار ہیں۔ اپنے فون نمبر اور پتہ کے ساتھ لکھئے:

I. S.
P.O. BOX No. 154
THORNHILL, ONT.
CANADA L3T 3N1

شادی خانہ آبادی

دنیا کے کسی بھی ملک مثلاً انڈیا، پاکستان، بنگلہ دیش، سری لنکا، انگلینڈ، شمالی امریکہ، افریقہ اور مڈل ایسٹ وغیرہ میں جہاں بھی ہندوستانی اور پاکستانی آباد ہیں۔ شادی کے لئے ہماری خدمات حاصل کریں۔
تفصیل کے لئے ہمارے کسی بھی دفتر کو اپنا مکمل پتہ اور جوابی ٹکٹ لگا کر ارسال فرمائیں۔

INTERNATIONAL MARRIAGE SERVICE (REG.)
Head Office
P.O. BOX 951, STATION "A"
SCARBOROUGH (TORONTO)
ONTARIO, CANADA M1K 5E4

WANTED

Ladies for Avon Products Limited to work as representatives, you can also work in your spare hours. Age 18 yrs and over. Qualifications and experience not necessary. Flexible Hours. Contact:
Mrs. Zehra Sherazee
Phone (416) 531-5836

عید

بقاء اللہ خان (ٹورانٹو)



اب تو اسے یہ بھی یاد نہیں رہا تھا کہ وہ کینیڈا میں کب آیا تھا۔ انسانی حافظہ کی بنیاد اس کی پسند پر ہے یعنی انسان وہی چیزیں یاد رکھتا ہے جو وہ یاد رکھنا چاہتا ہے۔ اس کا بچپن، اس کا لڑکپن اور اس کا دور جوانی بے شمار نشیب و فراز سے بھرا ہوا تھا۔ جس میں نشیب زیادہ اور فراز کم تھے۔ اس کی ناکامیوں اور محرومیوں کی وجہ وہ خود آپ تھا۔ اس نے تن تنہا ایک پورے معاشرہ سے لڑنا چاہا تھا۔ وہ ایک ایسے سماج سے اصولوں کی جنگ لڑنا چاہتا تھا جہاں کا اصول ہی بے اصولی تھا۔ جب اس کے با اعتماد ساتھی اور عزیز ترین دوست بکتے چلے گئے تو اس نے اپنی قیمت لگانے کی بجائے اپنے وطن عزیز کو خیرباد کہنا بہتر سمجھا۔ اس کو اپنے ہاتھوں سے زخم لگے تھے کہ اس کا ساری بنی نوع انسانی سے اعتماد اٹھ گیا تھا۔ اس کی نظر میں اخلاقی اقدار اور انسانی عظمت کی حقیقت حقیقی دنیا میں ایک ڈھونگ اور خوش کن الفاظ کے علاوہ کچھ نہ تھی جو کہ کچھ لوگ دوسرے لوگوں کو گمراہ کرنے یا اپنے چنگل میں پھانسنے کیلئے استعمال کرتے ہیں۔

وہ اپنے ماضی سے رشتہ توڑ چکا تھا۔ جب سے وہ کینیڈا میں آیا ہے وہ ایک نیا انسان تھا۔ اس نے اپنے ماضی کی "غلطیوں" سے خوب سبق سیکھا تھا۔ اس نے کامیاب زندگی گزارنے کا طریقہ سیکھ لیا تھا۔ اب اس کے اصول ایسے لچکدار تھے کہ وہ ہر ماحول اور سوسائٹی میں بڑی خوش اسلوبی سے ڈھل جاتے۔ اب وہ دل میں نفرت کا طوفان لیکر ہونٹوں پر مسکراہٹیں سجایا کرتا تھا۔ وہ بے شمار لوگوں سے ملتا۔ ان سے ہنستا بولتا۔ سمجھا جاتا۔ خوش گپیاں کرتا۔ وہ سب اپنا دوست کہتے اور وہ انھیں اپنا دوست کہتا، لیکن اس کے دل میں کسی کے لیے کوئی جگہ نہ تھی۔

نماز روزے کا وہ پہلے بھی سختی سے پابند نہیں تھا۔ البتہ نماز جمعہ اور عیدین کی نماز ضرور پڑھا کرتا تھا۔ لیکن کینیڈا میں آنے کے بعد وہ ان سے بھی جاتا رہا۔ اب اس کی زندگی بالکل کینیڈین تھی۔ وہ اس سوسائٹی کی تمام اچھی بری عادات و اطوار اپنا چکا تھا۔ کینیڈا میں آج تک اس کے کسی دوست نے اسے عید کے روز نہیں دیکھا۔ کوئی نہیں جانتا کہ وہ اس دن کہاں جاتا اور کیا کرتا ہے۔ وہ عید کی نماز میں بھی نہیں ہوتا اور کسی دوست کی پارٹی پر بھی دکھائی نہیں دیتا حالانکہ عام دنوں میں وہ ہر سوشل محفل میں موجود ہوتا ہے۔ عید کے روز وہ ہر دوست کی دعوت کو کسی نہ کسی بہانے سے ٹال دیتا۔

وہ ہر عید کے روز کام سے چھٹی کرتا، صبح سویرے اٹھتا، نہا کر وہی لباس پہنتا جو اپنے وطن میں عید کی نماز پر جاتے وقت پہنا کرتا تھا۔ اس کے بعد قد آدم آئینہ کے سامنے کھڑا ہو جاتا۔ اسے یوں محسوس ہوتا جیسے وہ اپنے آپ کو پہلی دفعہ دیکھ رہا ہو۔ جیسے وہ کہیں کھو گیا تھا اور آج پا لیا ہے۔ اس کا دل چاہتا کہ اس کھوئے ہوئے "آپ" کو لپٹ لپٹ کر پیار کرے۔ تھوڑی ہی دیر میں وہ ٹوٹنے لگتا، بکھرنے لگتا اور ریزہ ریزہ ہو جاتا۔ اسے پتہ نہ چلتا کہ وہ کہاں تھا، کہاں ہے؟ وہ کہیں دور پہنچ جاتا اور دیکھتا کہ اپنی بہن کے ہاتھوں میں چوڑیاں دیکھ کر وہ بھی چوڑیاں پہننے کے لیے ضد کر رہا ہے۔ اس کی والدہ اسے سمجھا رہی کہ لڑکے چوڑیاں نہیں پہنا کرتے۔ اب اس کی بہنیں ہاتھوں پر مہندی لگا رہی ہیں۔ پھر وہی بات۔ لڑکے لڑکیوں کا فرق۔ لیکن اب اس کی والدہ اس کی ضد مان لیتی ہیں اور اس کے ہاتھوں پر مہندی لگا دیتی ہیں۔ وہ سویاں اور دودھ میں بھیگے ہوئے چھوارے دیکھتا۔ اس کے بڑے بھائی کو اس کی والدہ نے غلطی سے ایک چھوارہ زیادہ دے دیا تو اس پر احتجاج کرتا کہ اسے کیوں زیادہ دیا گیا ہے۔ وہ اپنے والد اور بڑے بھائی کے ساتھ عید کی نماز پڑھنے جا رہا ہے تو اس کی چھوٹی بہن جو ابھی تین سال کی تھی، وہ بھی جانا چاہتی ہے لیکن وہ اسے نہیں لے کے جاتے وہ ابھی بہت چھوٹی ہے۔ اس دن اسے کتنی خوشی ہوئی تھی کہ وہ اتنا بڑا ہو گیا ہے کہ عید کی نماز پر جا سکتا ہے۔ پھر عیدگاہ سے واپسی پر ایک خاص جگہ اس کے قدم رکنا شروع ہو جاتے۔ تب اس کے والد مسکرا دیتے انھیں پتہ ہے کہ یہاں کیوں رکا جا رہا ہے۔ لہٰذا وہ گرم جلیبیاں اور پکوڑے خریدتے۔ ان جیسا مزہ اسے دنیا کی کسی مٹھائی میں آج تک نہ مل سکا تھا۔ یکایک اس کا خیال کئی سال آگے پھلانگ جاتا۔ وہ دیکھتا اس کے والد اسے سمجھانے کی کوشش کر رہے ہیں کہ اپنی ضد سے باز آجاؤ۔ چھوڑو ہڑتال ختم کرو! انتظامیہ کے ساتھ سمجھوتہ کرلو، وہ تمہارے بہت سے مطالبات مان رہی ہے۔ اس کے علاوہ کل عید ہے، عید کے موقعہ پر گھر سے تمہاری غیر حاضری تمہاری والدہ بہت محسوس کریں گی۔ لیکن وہ اپنے والد کو سمجھانے کی کوشش کرتا ہے کہ "آپ سمجھتے کیوں نہیں، وہ اپنے اصولوں کو عید کی خوشی پر قربان نہیں کر سکتا" اس کے والد کا چہرہ اتر جاتا ہے۔ لیکن وہ پھر بھی مسکرا کر کہتے ہیں "مجھے خوشی ہے کہ تم حق کیلئے لڑ رہے ہو۔ اللہ کرے تمہارے دوسرے ساتھی بھی تمہاری طرح صبر و استقلال کے ساتھ حق کا ساتھ دیں اللہ تمہارا حامی و ناصر ہو۔ وہ دیکھتا کہ عید کے روز اس کے بہت سے ساتھی اور دوست جن کے اجتماعی حقوق کے لیے وہ لڑ رہا تھا، جن کے لیے اس نے اپنی ملازمت اور اپنا مستقبل خطرے میں ڈال رکھا تھا۔ حتیٰ کہ اپنی محبت اور زندگی داؤ پر لگا دی تھی، اسے ملنے تک نہیں آئے تھے۔ انتظامیہ کی طرف سے عید کے روز بھی اسے اس کی ذاتی ترقی کی بہت بڑی پیشکش ہوئی لیکن وہ بکنا نہیں چاہتا تھا۔ دوستوں کے اس قدر حوصلہ شکن رویے کے باوجود اس کا حوصلہ بلند تھا۔ اس کا خیال تھا کہ دوست عید کی خوشیوں اور مصروفیات کی وجہ سے اسے ملنے نہیں آسکے۔ وہ اپنے مطالبات پر لالچ اور دھمکیوں سے بے نیاز ڈٹا ہوا تھا۔ عید کے روز وہ شکوک و شبہات جنھیں وہ اپنے دل میں جگہ نہ دیتا تھا، عید کے دوسرے دن حقیقت کی صورت میں لوٹے۔ اس کا منہ چڑا رہے تھے۔ اس کے سارے عقیدوں کی شعوں میں انتشار پیدا ہو چکا تھا۔ کچھ دھمکیوں سے گھبرا کر اور کچھ ترقی کے لالچ میں آکر ہڑتال ختم کر چکے تھے۔ یوسفؑ کے بھائی اسے کنوئیں میں پھینک چکے تھے۔ وہ دیکھتا اس کے ہاتھ پاؤں ٹوٹ گئے ہیں، وہ ڈوب رہا ہے، وہ ڈوبتا جا رہا ہے، اس کا سانس گھٹنے لگتا۔ یکایک اس کی نظر سامنے آئینہ پر پڑتی۔ اپنے آپ کو صحیح و سالم پاکر وہ خوش اور اپنے خیالات کے الجھاؤ پر کچھ شرمندہ بھی ہو جاتا ہے۔ اپنی حقیقت کو محسوس کرنے کے لیے اپنے چہرے پر زور سے طمانچہ لگاتا۔ جب اسے درد محسوس ہوتا تو اسے یقین ہو جاتا کہ وہ زندہ ہے اور جاگ رہا ہے۔ وہ اپنی ایک محبوب زور دار گالی دیتا۔ اسے نہیں معلوم کہ وہ یہ گالی کسے دے رہا ہے۔ آیا اپنے آپ کو؟ اپنے خیالات کو؟ اپنی موجودہ زندگی کو؟ یا اس معاشرہ کو جسے وہ بدلنا چاہتا تھا؟ یا پھر اپنے دوستوں اور ساتھیوں کی "وفاؤں" کو؟

پھر وہ کپڑے بدلنے لگتا اور سوچتا وہ کب ڈوب رہا ہے، کب مر رہا ہے؟ وہ تو زندہ ہے اور بڑی بہتر طریقے سے زندہ ہے۔ وہ تو اب جینے کا ڈھنگ سیکھ چکا ہے اور کامیاب انداز میں جینے لگا ہے۔ یہ سب کچھ سوچنے کے باوجود اس میں باہر جانے کی سکت نہ ہوتی۔ جیسے وہ عید کی خوشی سے ڈرتا ہو۔ وہ اپنے جسم کو بستر پر ڈال دیتا۔ اس کا جسم کمرے میں ہوتا اور روح کہیں دور۔۔۔ بہت دور۔۔۔

▲▲

ڈاکٹر سید عبدالمنان شمالی امریکہ میں

حیدرآباد دکن کی مشہور شخصیت ڈاکٹر سید عبدالمنان آج کل شمالی امریکہ کے دورے پر آئے ہوئے ہیں۔ وہ کئی سماجی اداروں کے سربراہ اور سرگرم کارکن بھی ہیں۔ انجمن ترقی اردو کے رکن کی حیثیت سے اردو کی ترویج اور ترقی کے لیے ان کی کوششیں قابل ستائش ہیں۔ ان کے اعزاز میں ٹورانٹو کے مشہور موسیقی کے گروپ "ساز و آواز" نے "شام غزل" کے نام سے ایک پروگرام ترتیب دیا ہے۔ جس سے جمع ہونے والی آمدنی "انجمن ترقی اردو" کے تعلیمی فنڈ میں دی جائے گی۔

مزید معلومات کیلئے فون کیجئے:

275-8857

محفلِ شعر و سخن

(اشعار بہ اعتبارِ عنوان)

آسمان

تم اپنے نام سے فریاد کی اجازت دو
یہاں سے تو نہیں سنتا ہے آسماں میری — ریاض خیرآبادی

•

زمین چمن گل کھلاتی ہے کیا کیا
بدلتا ہے رنگ آسماں کیسے کیسے — آتش

•

جہاں میں ہم جہاں ہیں برباد یاں ہیں
زمیں کا ہم سفر ہے آسماں بھی — انور صابری

•

جا ہے آسودگی کہاں ہے آج
جو زمیں تھی کل آسماں ہے آج — داغ

•

نہ دل بدلا نہ دل کی آرزو بدلی نہ وہ بدلے
میں کیسے اعتبارِ انقلابِ آسماں کر لوں — تاجور نجیب آبادی

•

میں کس سرزمیں کا قصد کروں
آسماں ساتھ ساتھ چلتا ہے — جلیل مانکپوری

•

کوئی دن ہم جہاں میں بیٹھے ہیں
آسماں کے ستم اٹھانے کو — مومن

•

کون اس طرزِ جفائے آسماں کی داد دے
باغ سارا پھونک کر ڈالا آشیاں رہنے دیا — ادیب سہارنپوری

پیامِ عید

نور و نکہت سے ہے معمور فضا آج کے دن
گل و گلشن پہ ہے رحمت کی گھٹا آج کے دن

بادۂ حافظِ شیراز کے خم خانے سے
پھر اٹھی قلقلِ مینا کی صدا آج کے دن

پھر سنی سوزِ غمِ عشق کے دیوانوں نے
نغمۂ رومیؒ سے محبت کی نوا آج کے دن

عنبر افشاں ہوئی اجمیر کے میخانے میں
خواجۂ چشت کے گیسو کی ہوا آج کے دن

پرتوِ حسن سے ہے جلوہ گہِ اہلِ نظر
مردِ ہجویر کی محرابِ دعا آج کے دن

چاند نے جھک کے کیا گنبدِ خضرا کو سلام
مسکراتی ہے مدینے کی فضا آج کے دن

لے کے آیا مہ و انجم کو فلک بہرِ نثار
جگمگایا ہے شبستانِ حرا آج کے دن

خاکِ خیبر سے چٹاگانگ کے ایوانوں تک
شور ہے صلِ علیٰ صلِ علیٰ آج کے دن

نورِ اسلام سے روشن ہوئی پھر صبحِ وطن
جلوہ گستر ہوئی پھر حق کی ضیا آج کے دن

— منیر واسطی



بہنوں کی محفل

میکسی سینے والی خاتون کی بچی عید پر نئے کپڑوں سے محروم رہی

— حمیرا اطہر —

افطار کا وقت ہو چلا تھا لیکن شبو آج افطاری کھانے سے بے نیاز گلی میں اپنی سہیلیوں کے ساتھ چاند نظر آنے کا انتظار کر رہی تھی۔ امی کئی مرتبہ اسے بلا چکی تھیں لیکن اس نے چاند دیکھنے کے شوق میں سنی ان سنی کر دی — اللہ اللہ کر کے سائرن بجا۔ اذان ہوئی اور وہ اپنی سہیلیوں کے ساتھ آسمان پر چاند ڈھونڈنے میں مصروف ہو گئی۔

"وہ رہا چاند —"

چاند دیکھنے والوں میں سے کسی نے نعرہ لگایا۔

"کہاں کہاں — ؟" سب نے پوچھا اور لوگ ایک دوسرے کو اشاروں سے چاند دکھانے لگے۔ شبو بھاگی بھاگی گھر میں آئی اور کہنے لگی۔

"امی — امی چاند بھی نظر آ گیا اور میری میکسی ابھی تک نہیں آئی۔ اب عید کل کیا پہنوں گی — ؟"

"بیٹے ابھی لے آئیں گے جا کر — آپ افطاری تو کھائیں۔" بیگم حبیب نے پیار سے کہا۔

اور جب رات میں بیگم حبیب اسے ساتھ لے کر درزن خالہ کے گھر گئیں تو وہ اپنے سر پر پٹی باندھے بستر پر پڑی ہائے ہائے کر رہی تھیں۔ انہوں نے بتایا کہ صرف تر پائی کا کام باقی ہے صبح ہی صبح پہنچا دوں گی۔ کیا کروں، کر تو لیتی لیکن آج تو سارا دن اسی درد سر نے بستر سے نہیں اٹھنے دیا۔ اور دوں کے بھی کچھ کپڑے رہ گئے ہیں۔ بیگم حبیب نے بہت اصرار کیا کہ تر پائی کا کام تو ہم بھی کر لیں گی۔ آپ میکسی دے دیں لیکن درزن خالہ نے ایک نہ سنی — واہ بھلا یہ کیسے ہو سکتا ہے کہ میں ادھورا کپڑا واپس کر دوں۔ ناچار بیگم حبیب واپس آ گئیں۔ شبو بے چاری بہت افسردہ ہوئی۔ جوڑے تو اس کے تین اور بھی تھے۔ ایک غرارہ سوٹ، ایک کرتا شلوار اور ایک بیل باٹم — لیکن اس کا شوق تھا کہ عید کے دن کا افتتاح میکسی پہن کر کرتی۔ بیگم حبیب نے سمجھایا — چلو — اب بے چاری خالہ کی طبیعت اچانک خراب ہو گئی تو کیا کیا جائے۔ پہلے غرارہ سوٹ ہی پہن لینا اتنے میں میکسی بھی تیار ہو کر آ جائے گی۔

عید کے دن دس بجے تک بیگم حبیب نے اپنے ملازم کو ایک پیالہ سویاں دے کر درزن خالہ کے یہاں بھیجا اور کہا کہ انہیں میرا اسلام کہنا، میری طرف سے پوچھنا اور شبو کی میکسی لے آنا۔ نوکر درزن خالہ کے یہاں پہنچا اور اپنی مالکن کا پیغام دیا اتنے میں درزن خالہ کی چھوٹی بچی پڑوس سے آ گئی تو نوکر نے دیکھا کہ ویسی ہی میکسی پہنے ہوئے ہے جیسی شبو کے لئے سلنے کو دی گئی تھی۔ ابھی وہ حیران ہی ہو رہا تھا کہ درزن خالہ نے اپنی بڑی بیٹی کو پیالہ دیتے ہوئے کہا کہ "جا جا کے باورچی خانہ میں رکھ دو اور وہ سویاں جو فرحت کے گھر سے آئی ہیں اس میں ڈال کر پیالہ واپس کر دو۔ اور ہاں منی سے کہو کہ یہ میکسی اتار کر دے دے اور اسے بیگم الو کی بچی کا بیل باٹم پہنا دو۔ انہیں آج شام تک آنا ہے۔"

عید کی خوشیوں میں ان لطیفوں کو بھی شامل کر لیجئے

بیگم اپنی امی سے عید ملنے جانے کیلئے صبح ہی صبح گھر کے سارے کاموں کو نمٹا کر تیار ہو چکی تھیں کہ جیسے ہی شیخ صاحب نماز پڑھ کر واپس آئیں گے دونوں چل دیں گے۔ ورنہ پھر تو آنے جانے والوں کا تانتا بندھ جاتا ہے لیکن شیخ صاحب تھے کہ آنے کے بعد بیگم سے ملنے کا کہہ کر ڈرائنگ روم میں ایسے گھسے تھے کہ نکلنے کا نام ہی نہیں لیتے تھے۔ کافی دیر گزر گئی تو بیگم نے نوکر سے کہا کہ جا کر دیکھو تو سہی صاحب کے دوست گئے یا نہیں۔ اور ان سے کہو کہ بیگم صاحبہ پوچھ رہی ہیں کب چلئے گا — ؟

دوست تو کوئی بھی نہیں آئے تھے ان کے۔ وہ تو بس اکیلے کمرے میں خدا جانے کیا کر رہے ہیں۔ میری تو کچھ سمجھ میں نہیں آتا وہ کبھی ٹہل ٹہل کر ایک پرچے کو پڑھتے ہیں اور کبھی اس کی گولی بنا کر کھڑکی کے پاس جا کر سامنے والی بی بی کے کمرے کی کھڑکی کے پردے کو دیکھتے ہیں۔" نوکر کا یہ جواب سن کر بیگم خود ہی گئیں کہ دیکھیں یہ آخر قصہ کیا ہے — کچھ دیر باہر سے خاموشی کے ساتھ سارا تماشہ دیکھتی رہیں۔ واقعی ہو بہو وہی کیفیت تھی جو نوکر نے بیان کی تھی۔ آخر چپکے سے جا کر میاں کے پیچھے کھڑی ہو گئیں۔ دیکھا تو سامنے والی کھڑکی کا پردہ جب کبھی ہوا سے اڑتا تو آئینہ میں کسی لڑکی کی شبیہ نظر آتی جو بناؤ سنگھار میں مصروف تھی اتنے میں شیخ صاحب نے چاہا کہ ہاتھ میں پکڑی ہوئی کاغذ کی گولی وہاں تک پھینک دیں کہ پیچھے سے بیگم نے ہاتھ پکڑ لیا۔

"کیوں جی! میاں کھڑکی کے پاس اتنی دیر سے کیا ہو رہا ہے۔ یہ ہاتھ میں کیا ہے — ؟"

"یہ — کچھ نہیں … وہ —

وہ …… بیگم ایسے ہی سگریٹ کا ٹوٹا ہے کھڑکی سے باہر پھینک رہا ہوں۔" شیخ صاحب گھبرا گئے۔

"کیوں — ؟ آپ کے گھر میں ایش ٹرے نہیں ہے — ؟ دکھائیں ادھر ہاتھ —" بیگم کڑکیں۔

"او ہو! بیگم — بھئی آپ تو خواہ مخواہ ایک بات کے پیچھے پڑ جاتی ہیں۔ کہہ جو دیا کہ سگریٹ کا ٹوٹا ہے۔" شیخ صاحب نے جھٹ ہاتھ پیچھے کر کے گولی اپنی دانست میں کھڑکی سے باہر پھینک دی لیکن وہ سلاخوں سے ٹکرا کر اندر ہی گر گئی — بیگم صاحبہ نے جھک کر فوراً اٹھا لیا۔ اسے کھولا تو لکھا تھا —

عید کا دن ہے گلے آج تو مل لے ظالم
رسم دنیا بھی ہے موقع بھی ہے دستور بھی ہے

— چاند رات کو منصور اپنی پتلون لینے کے لئے درزی کے پاس گیا تو دیکھا اس کی پتلون کے ساتھ ایک آٹھ نو سالہ بچے کی نیکر بھی سلی ہوئی رکھی ہے جسے درزی شاید رش کی وجہ سے چھپانا بھول گیا تھا۔ اس نے حیران ہو کر پوچھا یہ نیکر کس کی ہے — ؟

"میرے بچے کی —" درزی نے جواب دیا۔

"مگر کپڑا تو میرا تھا —" منصور نے جھلا کر کہا "میاں چاند رات ہے — وضاحت کا وقت ہے۔ بحث مت کرو۔ تمہاری پتلون بالکل ٹھیک ہے بس جاؤ — سب درزی بچا کپڑا ہی رکھتے ہیں یہ کوئی نئی بات نہیں ہے۔" درزی کا سنے بیزاری سے کہا۔



منصور پتلون لے کر گھر آنے کی بجائے پہلے اس درزی کے پاس گیا جس نے اس کی پتلون سینے سے یہ کہہ کر انکار کر دیا تھا کہ کپڑا کم ہے وہاں اس نے بتایا کہ دوسرے درزی نے تو اس میں سے اپنے آٹھ سالہ بچے کی نیکر بھی بنا لی۔ اور تم میری پتلون کے لئے ہی کپڑا کم بتا رہے تھے۔

"بچہ تو میرا بھی آٹھ نو سال کا ہے لیکن وہ دراصل نیکر کی جگہ پتلون پہننا چاہتا تھا" درزی نے اطمینان سے جواب دیا۔

— ایک ہجر کے مارے عاشق نے اپنی محبوبہ کو عید کارڈ بھیجا جو اسے عین عید کے دن موصول ہوا۔ عید کارڈ پر لکھا تھا

— کون سی چیز تجھے عید کا تحفہ بھیجوں
اشک بھیجوں کہ سسکی ہوئی آہیں بھیجوں
یا تری دید سے محروم نگاہیں بھیجوں

ہفتہ بھر کے بعد محبوبہ کا جواب آیا۔

"ڈارلنگ یو آر سو سویٹ۔ اگر تحفہ دینا ہی تھا تو عید سے پہلے پوچھ لیتے۔ اب تو عید بھی گزر گئی۔"

سویاں عید الفطر کی مخصوص غذا

آفتاب احمد قریشی

سویوں کو عید الفطر سے خصوصی نسبت ہے۔ چھوٹی عید کے موقع پر برصغیر پاک و ہند میں تقریباً ہر گھر میں سویاں پکائی جاتی ہیں۔ سویوں کا شیرہ قوام۔ زردہ، حلوہ، کھیلیں پیپا، شیر وغیرہ تیار کیا جاتا ہے۔ بنارس کی قوامی سویاں اور مرحوم حیدر آباد کے شیر خرما کی بڑی شہرت تھی۔ قوامی سویوں میں کھوئے کا اضافہ ہوتا تھا۔ بنارس کی سویاں بہت لطیف اور باریک ہوتی تھیں۔ سویاں میدہ سوجی سے تیار کی جاتی ہیں۔ میدے کی سویاں سرد تر اور زیادہ دیر میں ہضم ہوتی ہیں۔ چاول کے آٹے کی سویاں بھی۔ عید ہضم ہونے والی اور دیر تک قائم ہوتی ہیں۔ بالعموم گندم کے میدے کی سویاں تیار ہوتی ہیں۔ دودھ، گھی اور کھانڈ سے سویوں کی اصلاح ہوتی ہے۔ سویاں زیادہ مقدار میں نہ کھائیں۔

اکبر کا درباری طبیب حکیم علی گیلانی تحریر کرتا ہے کہ اگر سویاں گوشت کے ساتھ پکا کر کھائیں تو ان سے بدن میں خون وافر مقدار میں پیدا ہوتا ہے۔ سویاں نہ صرف لذیذ ہیں بلکہ غذائی اجزاء سے بھی بھرپور ہیں۔ سویاں گرم تر ہیں۔ کھانے سے جسم میں خوب طاقت پیدا ہوتی ہے۔ حلق اور سینہ میں مفید ہے۔ بدن کو فربہ کرتی ہیں۔ ان میں لحمی اجزاء، نشاستہ دار، چونا، کیلشیم اور فولاد ہوتا ہے۔ مختلف حیاتین بھی ان میں پائے جاتے ہیں۔ عید کے علاوہ بھی سویاں کھائی جاتی ہیں۔ سویوں کو فارسی میں رشتہ اور عربی میں اطریہ کہتے ہیں۔ حضرت جلال نے سویوں کے بارے میں بڑے وثوق انداز میں لکھا ہے کہ یہ ایک چیز ہے رشتہ نما جو میدے سے تیار کرتے ہیں۔

سویاں پکانا

سویاں بڑی نازک اور معدے کی لطیف ہوتی ہیں۔ انہیں پکانے میں بڑی احتیاط کی ضرورت ہوتی ہے سویاں ابلتی ہوں تو ابلتے ہوئے پانی میں ڈال دیں۔ جب گھل جائیں تو اتار لیں۔ میٹھی سویوں کی صورت میں کھانڈ کا شیرہ پکا کر اس میں سویاں ڈال کر دم دیں۔ سویوں کے ساتھ گھی بھی ڈال دیں۔ اگر سویوں کا زردہ تیار کرنا ہو تو نصف سیر چھوٹی گر گھی میں بھون لیں۔ مہک پاؤ گھی کافی ہو گا۔ مزعفر ہونے کی صورت میں تین پاؤ دودھ میں ملا دو کر کے ان میں ڈال دیں۔ زعفران اور کھانے والا رنگ ضرور ڈالیں۔ پکنے پر کھوپرا، بادام، پستہ، چھوٹی الائچی ملا دیں۔ قوامی سویوں کی صورت میں سویوں کو گھی میں بھون کر ابلتے ہوئے دودھ میں ڈال کر پکا سکتے ہیں۔ زعفران یا کھانے والا زرد رنگ بھی ملا لیں۔ جب سویاں گل جائیں تو ان میں کھانڈ کا قوام ملا دیں۔ [illegible] بادام پستہ کھوپرا ملا دیں۔

پندرہ روزہ
کریسنٹ
انٹرنیشنل
ٹورانٹو کینیڈا

أَلَا إِنَّ أَوْلِيَاءَ اللَّهِ لَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُونَ ۝
سن رکھو جو اللہ کے دوست ہیں ان کو نہ خوف ہوگا اور نہ وہ غمگین ہوں گے (القرآن)

عید کی سچی خوشی

مثل تو یہ مشہور ہے کہ عید کی سچی خوشی دوستوں کی دید ہے۔ مگر درحقیقت عید کی سچی خوشی بچوں کی عید ہے۔

اگر ہم خیالات اور تصورات کی رو میں بہتے ہوئے اپنے بچپن کی طرف لوٹ جائیں تو سمندر پار ۹ ہزار میل دور اپنے وطن میں گزری ہوئی اپنے بچپن کی عیدیں کتنی رنگین دکھائی دیتی ہیں۔ رنگ برنگی ملبوسات، جھولے، غبارے، باجے، مٹھائیاں، رشتہ داروں سے عید پر ملنے والی نقدی، الغرض پورا ماحول انجانی مسرتوں کی لہروں پر جھومتا دکھائی دے گا۔ مگر شمالی امریکہ میں بیتا ہوا عید کا دن۔ وہی روز مرہ کا سا ایک دن۔ بار کی دنیا پر سو کام کاج میں مصروف۔

عید کا تہوار ایک اسلامی تہوار ہے۔ اسے پوپ پال، کارل مارکس یا ماؤزے تنگ کے فرمانوں کے مطابق تو منایا نہیں جا سکتا۔ عید کی سچی خوشی ماحول بدلنے کے باوجود بھی اسی طرح قائم رہ سکتی ہے۔ اگر ہم عید کے پس منظر میں اسلامی تقاضوں کو پورا کریں۔ مثلاً رمضان میں نماز، روزہ اور تراویح کی پابندی اور پھر عید کے روز کسی بڑے سے بڑے اجتماع میں شامل ہو کر اسلامی اخوت اور یکجہتی کا ثبوت دینا، دراصل عید کی ساری خوشیاں سمیٹنے کے مترادف ہے۔ اور ان ہی باتوں میں اس تہوار کی مخصوص لذت بھی پوشیدہ ہے۔

شمالی امریکہ میں عید ایک مسرت کا جذبہ پیدا کرتی ہے کہ جب دنیا کے مختلف گوشوں سے آئے ہوئے مسلمان لسانی اور نسلی دیواروں کو توڑ کر عید کے اس مبارک دن نماز عید کے بعد کسی بڑے اجتماع میں جب ایک دوسرے سے بغلگیر ہو جاتے ہیں تو بین الاسلامی روایات ایک بار پھر زندہ ہو جاتی ہیں۔ ایسے میں یہ امت مسلمہ کتنی بھلی دکھائی دیتی ہے یہ سماں دیکھ کر شاید فرشتے بھی رشک کرتے ہوں۔

اور سب سے بڑھ کر یہ عید تو نونہالوں کی عید ہے۔ ان کے ننھے مگر شگفتہ ذہنوں میں عید کی مسرتیں اگر شمالی امریکہ کا عیسائی یا یہودی ماحول نہیں بکھیر سکتا تو ہم خود ان ننھے منے پھولوں کے لیے اپنے گھروں میں عید کی خوشیوں کے سامان مہیا کر سکتے ہیں۔

مثلاً رنگ برنگے کپڑے، اچھے اچھے کھلونے اور مٹھائیاں۔ یہ پھول قوم کا انمول سرمایہ ہیں۔ اگر قومی اور اسلامی تہوار ابھی سے ان کے شگفتہ ذہنوں پر نقش ہو جائیں تو کتنی خوش آئند بات ہے۔ پھر شاید کل کی نسلیں دیار غیر میں بھی وطن جیسی عید کا سماں باندھنے میں کامیاب ہو جائیں۔

عشی (ٹورانٹو)

ری پروسسنگ پلانٹ ـ اصل وجہ مخالفت کا اعتراف

امریکی وزارت خارجہ کے ایک ترجمان نے اس بات کی تصدیق کر دی ہے کہ واشنگٹن نے پاکستان کی ترقیاتی امداد بند کر دینے کا جو فیصلہ کیا ہے، اس کا ایک سبب وہ ری پروسسنگ پلانٹ بھی ہے، جس کا سودا پاکستان نے اپنے ایٹمی بجلی گھروں کے منصوبے کے سلسلے میں فرانس سے کر رکھا ہے۔ امریکی حکومت اس قسم کے فیصلے میں اگرچہ ایک اصول بلکہ قانون کو جواز بناتی ہے کہ جو ملک جوہری ہتھیار تیار کرنے کی صلاحیت پیدا کرنے والی ایٹمی ٹیکنیک حاصل کر لیں، وہ امریکہ سے امداد پانے کے مجاز نہیں رہتے۔ لیکن امریکہ اپنے اس مبینہ اصول و قانون کا اطلاق اس وقت صرف اور صرف پاکستان پر کر رہا ہے۔ اس لیے امریکی ترجمان تاویل کا دامن بچانے کے لیے اس طرح کی باتیں بھی شروع کر دیتے ہیں کہ امریکہ نے پاکستان کے لیے امداد کا سلسلہ یکسر تو بند نہیں کیا۔ پاکستان کو تفاوتی امداد، گندم، خوردنی تیل وغیرہ بدستور ملتی رہے گی، اور ترقیاتی امداد کی بندش سے بھی صرف دیہات میں بجلی بہم پہنچانے، صاف پانی فراہم کرنے، ملیریا پر کنٹرول کرنے وغیرہ کے نئے منصوبے متاثر ہوں گے۔

امریکی ترجمانوں کی طرف سے اس طرح کی تاویلات اہل پاکستان کی تضحیک کے ضمن میں آتی ہے کیونکہ ہماری حکومت اگرچہ امریکہ کے معاملے میں انتہائی محتاط ہے، لیکن یہ حقیقت سرکاری ذرائع کے حوالے سے بھی منظر عام پر آ چکی ہے کہ نئے ترقیاتی منصوبوں کے لیے امریکی امداد کا سلسلہ تو اپریل ۱۹۷۷ سے ہی بند چلا آ رہا ہے۔ واشنگٹن کے لیے غالباً یہ بات بھی باعث حیرت بنی ہے کہ جونہی امداد کی بندش کے دھمکی اعلان پر پاکستان میں وہ رد عمل نہیں ہوا، جس کی اسے توقع تھی۔ امریکہ کی بجھم فہمائی

ہے پاکستان جس حد تک غیر ملکی امداد پر انحصار کرنے لگا ہے، اس کے پیش نظر امریکہ کا یہی خیال ہوگا کہ جونہی وہ اپنی امداد بند کر دینے کی دھمکی کو عملی جامہ پہنانے کا اعلان کرے گا، اہل پاکستان کے ہوش آ جائیں گے، لیکن عوامی سطح پر اور سیاسی حلقوں میں امریکہ کے اس فیصلے پر کسی خاص پریشانی اور اضطراب کے اظہار کے بجائے اسے سال کی خوشگوار ترین خبر بھی قرار دیا گیا ہے کہ امریکی امداد کی بندش سے اگرچہ کچھ تکلیف اور مشکل تو ضرور پیش آئے گی، لیکن اس سے اپنی ضروریات کے لیے منت غیر سے نجات پانے، اپنی امداد آپ کرنے، اپنے ہی وسائل پر انحصار کرنے اور انھیں فروغ دینے کا وہ عزم و جذبہ بھی بیدار اور کارفرما ہو جائے گا، جو بدرجہ آخر کسی قوم کی ترقی کی حقیقی بنیاد اور آزادی و خود مختاری کے تحفظ کا اصل ضامن ہوتا ہے۔

پاکستان کے متعلق امریکی پالیسی میں بعض تضادات شروع سے چلے آ رہے ہیں۔ اس کے دفاعی معاہدے پاکستان سے ہیں، لیکن وہ [illegible] کے مقابلے میں ترجیح ہمیشہ بھارت کے مفاد کو دیتا رہا ہے۔ امریکہ کے صدر نکسن، ہم سے تو بار بار یہ کہتے رہے ہیں کہ پاکستان کی آزادی اور علاقائی سالمیت کا تحفظ امریکہ کی خارجہ پالیسی کا ایک بنیادی ستون ہے، لیکن پاکستان کو انتہائی ضروری دفاعی سازوسامان بھی امداد کے طور پر مہیا کرنا تو درکنار، نقد پیسے وصول کر کے بھی فروخت نہیں کیا جاتا۔ اور اب اسی رسوا کن اصول کو اصول کا نام دے کر ایٹمی ٹیکنیک کے معاملے میں بھی استعمال کیا جا رہا ہے۔ ایٹمی دھماکہ بھارت نے کیا تھا، اور اس سازوسامان کی بدولت کیا تھا جو امریکہ نے اسے فراہم کیا تھا [illegible] جوہری ایندھن اور فنی مشورے دے رہا ہے۔ لیکن پاکستان کی مخالفت کو اس نے اس لیے جزو ایمان بنا لیا ہے کہ ایٹمی بجلی گھروں کے لیے پاکستان کو ری پراسسنگ پلانٹ مل گیا تو اس کی وجہ سے پاکستان کی دسترس میں بھی ایٹمی ٹیکنیک آ جائے گی۔ امریکہ کے یہ اندیشے [illegible] اگرچہ مضحکہ خیز معلوم ہوتے ہیں، اور اس کی پالیسی میں کھلے تضادات کی نشاندہی بھی کرتے ہیں، لیکن امریکہ کی طرف سے پاکستان کی مخالفت کی اصل وجہ یہ ہے کہ پاکستان ایک ایسا اسلامی ملک ہے جو اسلام کے بارے میں معذرت خواہ نہیں، اور وہ کسی "سبز کتاب" یا "سفید انقلاب" کے چکر میں پڑنے کے بجائے کھلے بندوں حقیقی اسلام کا علمبردار ہے اور اسی لیے وہ تمام مسلمان اور عرب ملکوں کا بھی بے لوث حامی اور مددگار ہے۔ چنانچہ پاکستان کو جتنی اور جب بھی ایٹمی ٹیکنیک پر دسترس حاصل ہوگی، وہ اسے کسی بھی مسلمان ملک کی خدمت اور مدد کے لیے استعمال کرنے سے گریز اور انحراف نہیں کرے گا۔ چونکہ پاکستان کی یہ صلاحیت ان عرب ملکوں کے بھی کام آ سکتی ہے، جو امریکہ کی لے پالک مملکت اور عالم عرب میں اس کی سب سے اگلی چھاؤنی اسرائیل کی جارحیت پسندی کے خلاف نبرد آزما ہیں، اس لیے فرانس اور پاکستان میں ری پروسسنگ پلانٹ کا معاہدہ ہوتے ہی امریکہ نے اس کی بھرپور مخالفت شروع کر دی تھی۔ اگر سوال اصول کا ہوتا، تو اس معاملے میں پاکستان اور بھارت کے متعلق امریکہ کی پالیسی اس قدر مختلف بلکہ متضاد نہ ہوتی۔ لیکن پاکستان کی ترقی سے چونکہ اسرائیل کے مخالف عرب ملکوں کو بھی تقویت پہنچ سکتی ہے، اس لیے امریکہ یہ نہیں چاہتا کہ توانائی کے اس جدید سرچشمے پر پاکستان اور اس کے ذریعے دوسرے مسلمان اور عرب ملکوں کو بھی دسترس حاصل ہو۔ امریکہ اس معاملے میں بلاشبہ کھلی دھاندلی سے کام لے رہا ہے، لیکن ابھی نہ کسی مرحلے میں اس کے مدبر اور عوام اس نتیجہ پر ضرور پہنچیں گے کہ آخر وہ کب تک صرف اسرائیل کی خاطر ساری عرب اور اسلامی دنیا کو ناراض کر سکتے ہیں؟

زیر بحث

اسلام اور مارکسزم

اسلام اور مارکسزم میں ایک اور بنیادی فرق یہ ہے کہ اسلام فرد کی اہمیت پر زور دیتا ہے اور ہر فرد کو اپنے اعمال کا ذمہ دار ٹھہراتا ہے۔ اسلام کے اندر اجتماعیت یا سوسائٹی کا نظام اس لیے ہے کہ اس کے اندر ہر فرد اپنی صلاحیتوں کو پوری طرح سے ابھار سکے۔ اور کمزور افراد کو اس سے تحفظ اور امداد حاصل ہو۔ صرف مالی کفالت نہیں بلکہ روحانی، اخلاقی اور عقلی لحاظ سے بھی ہر فرد کو ایسا ماحول میسر ہو جس کے اندر وہ اپنی شخصیت کے ہر پہلو کی تکمیل کر سکے۔

اس کے برعکس مارکسزم ایک [illegible] معاشرہ کو اپنا مقصود قرار دیتا ہے اور فرد کی ہر قسم کی آزادی اور حق اقدام کو اس کی بھینٹ چڑھا دیتا ہے۔ نہ فرد اپنی مرضی سے سوچ سکتا ہے۔ نہ اپنی مرضی کی کتابیں پڑھ سکتا ہے۔ نہ اپنی مرضی کا پیشہ اختیار کر سکتا ہے۔ نہ اپنی مرضی سے کام کر سکتا ہے۔ مارکسزم [illegible] فرد کی حیثیت [illegible] انسان کو حیوان محض سمجھتا ہے۔ مارکسسٹ حکومتیں [illegible] بیل یا بچھڑے کے آگے [illegible] ذات کو [illegible] باندھ دیا گیا، چارہ ڈال دیا۔ اس معاشرہ میں فرد کے احترام یا حرمت نفس کا کوئی تصور ہی نہیں۔

دراصل مارکسسٹ نظام [illegible] فرعون کے ہاتھ میں بھی تمام ذرائع پیداوار تھے۔ حالانکہ وہ خدا بھی بنتا تھا۔ یعنی اپنے ملک کے عوام کی اندھی عقیدت کا مرجع۔ مذہبی عقائد کی تشریح کا حق بھی صرف اسی کو حاصل تھا۔ ایک خاص طبقہ امراء اس کے ساتھ تھا جن کے ذریعہ وہ اپنی حکومت چلاتا تھا۔ مارکسسٹ ملکوں میں بھی جو انقلاب آمریت کی آڑ میں برسر اقتدار آیا ہوا آمر مطلق ہی کمیونسٹ عقائد کی تشریح کا حق رکھتا ہے۔ ملک کے تمام وسائل پیداوار اس کے ہاتھ میں ہوتے ہیں۔ کمیونسٹ پارٹی کے ذریعہ ظلم و تشدد سے وہ اپنا کام چلاتا ہے۔ اگر کمیونسٹ ممالک میں بڑے بڑے منصوبے پایۂ تکمیل کو پہنچے ہیں، تو اس میں تعجب کی کیا بات ہے۔ فراعنۂ مصر نے بھی اہرام جیسی عمارات تعمیر کی تھیں۔

تعلیم جدید کا حاصل

ہم میں وہ خوبی و نکوئی نہ رہی
پاکیزگی و جستہ خوئی نہ رہی!
تعلیم جدید سے ہوا یہ حاصل
باہل کفر کے ساتھ جنگجوئی نہ رہی

اکبر الہ آبادی

آپ کو معلوم نہیں؟

اس سال ٹورانٹو کے تمام تحتانیہ مدارس کے طلباء کو اپنی اپنی زبان سیکھنے کا موقعہ دیا جا رہا ہے۔
اس پروگرام کی کامیابی دارومدار والدین کی دلچسپی پر ہے۔
پچھلے سال کئی امیگرنٹ بچوں نے مدارس میں اپنی زبان سیکھی۔
پنجابی، بنگالی، گجراتی، ہندی، چینی، پولش، اسپانش۔۔۔۔
پھر ہمارے بچے "اردو" سے کیوں محروم رہیں؟
آیئے انھیں اپنی مادری زبان پر فخر کرنے کا موقعہ دیں!

ملک میں علیحدگی کی کوئی تحریک موجود نہیں، اہم ترین ملکی ضرورت ایک مضبوط قوم کا وجود ہے


مختلف قومیتوں کے تشخص اور علاقائی مفادات کو پیش نظر رکھنا ہوگا

اسلام کے نام پر زیادہ عرصہ تک لوگوں کو سیاسی عمل سے نہیں روکا جا سکتا : بزنجو

لاہور ـــــ روزنامہ نگار، سابق گورنر بلوچستان میر غوث بخش بزنجو نے واضح کیا ہے کہ ملک میں علیحدگی کی کوئی تحریک موجود نہیں ہے اور ملک توڑنے کے لیے کسی قوت کا وجود نہیں ہے۔ آج شاہراہ قائد اعظم پر ایک مقامی ہوٹل میں نوجوانوں کے ایک اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے میر غوث بخش بزنجو نے کہا کہ بلوچستان کی جدوجہد دراصل اس ملک میں جمہوریت کے استحکام اور پاکستان کی مضبوطی کی جدوجہد تھی اور جو لوگ اس جدوجہد کو چند سرداروں کی باہمی کشیدگی یا کچھ جاگیرداروں یا خود غرض عناصر کی لڑائی کا نام دیتے ہیں وہ حقائق سے چشم پوشی کر رہے ہیں یہ جدوجہد پاکستان کو توڑنے کے لیے ہرگز نہ تھی بلکہ اس جدوجہد کا تمام تر مقصد اس ملک میں جمہوری اداروں کا استحکام تھا انھوں نے کہا کہ اس قسم کے الزامات وہی عناصر لگاتے ہیں جو اپنی ...

... انھوں نے کہا کہ اس وقت اس ملک کی اہم ترین ضرورت ایک مضبوط قوم کا وجود ہے ...

میر غوث بخش بزنجو نے کہا کہ پاکستان کسی ایک گروہ یا جماعت کا ملک نہیں ہے ...



احمد رضا قصوری لندن پہنچ گئے

امریکہ اور کینیڈا میں بھٹو کے مقدمے کی وضاحت کی

نیویارک ـــــ (اپ پ) مسٹر احمد رضا قصوری ...

مغربی برلن میں نام نہاد سیاسی پناہ حاصل کرنے والوں کی تعداد میں حیرت انگیز اضافہ

گزشتہ ماہ ۲۶۸ افراد ... کے دوران ایک ہزار ۳ سو ۵ پاکستانیوں نے درخواستیں دیں

برلن ـــــ (رائٹر، اپ پ) ایک سرکاری ترجمان کے مطابق مغربی برلن میں نام نہاد سیاسی پناہ حاصل کرنے والے پاکستانیوں کی تعداد میں ... اضافہ ہو گیا ہے ...

سکندر آباد میں مسلمان خاتون کی بے حرمتی

تحقیقاتی جج نے پولیس کو ذمہ دار قرار دے دیا

نئی دہلی ـــــ (یو این آئی) ایک عدالتی تحقیقاتی کمیشن نے ...



اداکار شاہد بل

ادا کیے بغیر ہونا بیلینڈ کرسچن

ہسپتال سے فرار ہو گیا

میں نے بابرہ کی جدائی میں نہیں

غلطی سے زیادہ مقدار میں

خواب آور گولیاں استعمال کر لی تھیں

لاہور ـــــ ریفاقت حسین (نمائندہ) اداکار شاہد آج سحری کے وقت ... ہسپتال سے فرار ہو گیا اس نے ہسپتال کا ۱۴۰۰ روپے کا بل بھی ادا نہیں کیا ...

آخری اطلاع کے مطابق گلبرگ پولیس نے آج ... شاہد سے رابطہ قائم کیا تو ... بابرہ کی جدائی کے غم میں گولیاں نہیں کھائیں بلکہ وہ غلطی سے زیادہ مقدار میں خواب آور گولیاں کھا گیا تھا جس سے وہ بے ہوش ہو گیا۔

وفاقی کابینہ اور محکمے

- غلام اسحاق خان۔ خزانہ و منصوبہ بندی۔
- اے کے بروہی۔ قانون و پارلیمانی امور
- ... محمد خان۔ پاؤسنگ و تعمیرات۔
- مصطفےٰ گوکل۔ جہاز رانی، بندرگاہیں، فروغ برآمدات
- محمود اے ہارون۔ داخلہ
- حاجی فقیر محمد خان۔ ریاستیں سرحدی علاقے۔ امور کشمیر
- چودھری رحمت الٰہی۔ پانی و بجلی
- محمد خان جونیجو۔ ریلوے۔
- محمد علی خان ہوتی۔ تعلیم، ثقافت، سیاحت۔
- محی الدین بلوچ۔ مواصلات
- شریف الدین پیرزادہ۔ اٹارنی جنرل
- خواجہ محمد صفدر۔ خوراک، زراعت ...
- زاہد سرفراز۔ تجارت
- چودھری ظہور الٰہی۔ محنت و افرادی قوت
- افتخار احمد انصاری۔ مذہبی و اقلیتی امور
- پروفیسر غفور احمد۔ پیداوار
- محمد زمان خان اچکزئی۔ ...
- میر علی احمد تالپور۔ دفاع
- محمود اعظم فاروقی۔ اطلاعات و نشریات
- میر ... ۔ صحت و آبادی
- محمد ارشد چودھری۔ سائنس و ٹیکنالوجی
- وزراء مملکت
- محمد علی۔ سماجی بہبود ...
- جاوید ہاشمی۔ نوجوانوں اور طلباء کے امور
- حمید ڈی حبیب ... فروغ برآمدات

آغا شاہی۔ سیکرٹری جنرل و مشیر امور خارجہ

کابینہ میں ۲۱ وزراء اور تین وزراء مملکت اور ایک مشیر شامل ہوں گے۔

دلچسپ کھیل کی توقع ہے

گراسکر۔ چوہان۔ ومشوا ناتھ۔ پٹیل۔ گیک وارڈ۔

... وشوا ناتھ اس وقت بہترین بیٹسمین ہیں بھارتی ٹیم کا کھلاڑی کرمانی نہ صرف ایک اچھا وکٹ کیپر ہے بلکہ وہ ... بنانے کی صلاحیت بھی رکھتا ہے۔

... مدن لال اور کاوری قابل اعتماد آل راؤنڈر ہیں۔

بیدی، پرسنا اور چندر شیکھر دنیا کے مانے ہوئے سپنر ہیں ...

پاکستان کرکٹ کنٹرول بورڈ کو ٹیم کے انتخاب کے سلسلے میں پوری ہوشمندی سے کام لینا ہوگا سب سے اہم ...

واقف ہے آصف اقبال کو بھی ٹیم میں شامل کیا جا سکتا ہے ... کا فقدان ہے ... وکٹ کیپر کا انتخاب کرے ... ٹیم میں کم از کم تین آل راؤنڈر بھی شامل کیے جائیں ...



بھارتی کرکٹ ٹیم کا دورۂ پاکستان

بھارت کی کرکٹ ٹیم ۲۹ ستمبر کو دو ماہ کے دورہ پر پاکستان آ رہی ہے یہاں تین ٹیسٹ میچ، تین یک روزہ انٹرنیشنل میچوں کے علاوہ دوسرے سہ روزہ میچ بھی کھیلے گی

یہ بھی اعلان کیا گیا ہے کہ پاکستان کے چار کھلاڑی جو کیری پیکر ورلڈ سیریز میں کھیلتے ہیں بھارت کے خلاف پاکستان کی طرف سے کھیلیں گے امید ہے کہ ان کھلاڑیوں کی شرکت سے پاک بھارت ٹیسٹ سیریز زیادہ دلچسپ ثابت ہوگی۔

بھارتی کرکٹ ٹیم ایک متوازن ٹیم ہے اس ٹیم نے اپنے گزشتہ آسٹریلیا کے دورہ پر بڑی اچھی کارکردگی کا مظاہرہ کیا تھا ... بھارتی ٹیم مندرجہ ذیل کھلاڑیوں پر مشتمل ہوگی۔ گواسکر۔ چیتن چوہان۔ مہندر امرناتھ۔ وشواناتھ۔ پٹیل۔ خرا۔ کرمانی۔ بشن سنگھ بیدی۔ پرسنا۔ چندر شیکھر۔ کاوری۔ گیک وارڈ۔ مدن لال اور اشوک منکڈ وغیرہ

مشتاق محمد کو ٹیم کا کپتان مقرر کیا جائے

... کپتان کی تقرری کا ہے میرا خیال ہے مشتاق محمد کو ان کی سابقہ کارکردگی کی بنا پر ٹیم کا کپتان مقرر کیا جائے وہ ایک قائد ہے ...

کراچی میں شدید بارش اور سیلاب سے جاں بحق ہونے والوں کی تعداد ۲۴ ہو گئی

ہب ندی کے پانی نے کناروں سے نکل کر تباہی مچا دی

حیدر آباد اور دیگر شہروں میں امدادی کام جاری ہے

کراچی ۲۹ اگست (اے پی پی) کراچی، حیدر آباد اور سندھ کے دیگر علاقوں میں بارش کا سلسلہ آج تیسرے روز بھی جاری رہا۔ جس سے جانی اور مالی نقصان میں مزید اضافہ ہو گیا۔ اور صرف کراچی میں اب تک ۲۴ افراد کی ہلاکت کی خبر مل چکی ہے اس کے علاوہ حیدر آباد اور دیگر شہروں میں بھی بارش سے مکان گرنے یا پانی میں ڈوب کر ہلاک ہوئے ہیں۔ بارش سے ...

پاکستان ریلوے کے ایک پریس نوٹ کے مطابق کراچی ...

کیری پیکر نے ماجد مشتاق، ظہیر عباس، آصف اقبال اور عمران خان کو بھارتی ٹیم کے دورے کے دوران فارغ کرنے کا اعلان کر دیا

کراچی ۔۔۔ (اے پی پی) کیری پیکر ورلڈ سیریز کرکٹ نے بھارتی ٹیم کے دورہ پاکستان کے دوران پانچ پاکستانی کھلاڑیوں ماجد جہانگیر، مشتاق محمد، ظہیر عباس، آصف اقبال اور عمران خان کو فارغ کرنے کا اعلان کیا ہے ...

لیفٹیننٹ جنرل فیض علی چشتی کا دورہ برطانیہ کامیاب رہا

پاکستان کے بارے میں غلط فہمیاں دور ہو گئے

لندن ۔۔۔ (اے پی پی) امور کشمیر اور شمالی علاقوں کے وفاقی وزیر لیفٹیننٹ جنرل فیض علی چشتی کا حالیہ دورہ برطانیہ اس لحاظ سے بڑا کامیاب رہا ...



بھٹو کو جیل میں ہوادار صاف ستھری اور کشادہ چار کوٹھڑیاں دی گئی ہیں

کھانے پینے کے لیے جملہ ضروریات، ایک خدمت گار اور مطالعے کیلئے کتابوں، رسائل اور اخبارات کی مکمل سہولت میسر ہیں

راولپنڈی ۔۔۔ (اے پی پی) حکومت پنجاب نے آج عوام کی اطلاع کے لئے اس صورت حال کی وضاحت کی ہے جو وقتاً فوقتاً اخبارات میں شائع ہوتی رہتی ہے ...



یحییٰ خان امریکی ہسپتال میں صحت یاب ہو رہے ہیں

نیویارک ۔۔۔ (اے پی پی) ...

افغان فضائیہ طیارہ پاکستان میں اُتر گیا

افغان طیارے کے اچانک پاکستان کی حدود میں داخل ہونے کی وجہ معلوم نہیں ہو سکی۔

راولپنڈی ——— (ریڈیو رپورٹ) آج صبح افغان فضائیہ کا ایک طیارہ مگ ۲۱ پاکستان کی حدود میں داخل ہو کر پشاور میں اتر گیا۔ سرکاری اعلان کے مطابق اس طیارے کا پائلٹ میجر محمد حکیم تجربہ ہے اور اس سے پوچھ گچھ جاری ہے۔ طیارے کے پاکستان میں اترنے کی وجہ معلوم نہیں ہو سکی۔ بی بی سی کے مطابق اسلام آباد میں افغان سفارت خانے کے ایک ذمہ دار افسر کا کہنا ہے کہ طیارے کا پائلٹ کسی فنی خرابی کے باعث راستہ بھول کر پاکستان آ گیا ہے۔

سرینگر میں طلباء کے زبردست مظاہرے پولیس کا لاٹھی چارج اور آنسو گیس کا استعمال

حزب اختلاف حالات کو خراب کر رہی ہے: شیخ عبداللہ کا الزام

سیالکوٹ ——— (نمائندہ خصوصی) کنٹرول لائن سے آمدہ اطلاعات کے مطابق مقبوضہ کشمیر میں طلبہ نے بسوں کے کرایوں میں اضافے کے خلاف زبردست مظاہرے کئے ہیں۔ اطلاع کے مطابق سرینگر میں ایک ہزار سے زائد طلبہ کو منتشر کرنے کے لئے پولیس نے لاٹھی چارج اور آنسو گیس کا آزادانہ استعمال کیا۔ عوامی مجلس عمل کے صدر مولوی محمد فاروق اور ایک کشمیری رہنما شبیر احمد شاہ نے کرایوں میں اضافے پر سخت نکتہ چینی کی ہے اور شیخ عبداللہ نے کہا ہے کہ حزب اختلاف کی جماعتیں طلبہ کو اکسا کر ریاست میں حالات خراب کرنا چاہتی ہیں۔

این ڈی پی کی علیحدگی کے بعد قومی اتحاد نئے بحران سے دوچار ہو گیا

چیف مارشل لاء ایڈمنسٹریٹر اس کے لیڈروں کا سہارا لینے کی بجائے انتخابات کا اعلان کریں: [illegible] نیازی

لیاقت آباد ——— (نامہ نگار) جمعیت علماء پاکستان کے سیکرٹری جنرل مولانا عبدالستار خان نیازی نے [illegible] کہا ہے کہ این ڈی پی کی علیحدگی سے یہ بات ثابت ہو گئی ہے کہ اگر قومی اتحاد نے فروری کے پانچ نکاتی فارمولے پر عمل کرتا اور مفاہمت کے سوال پر اتفاق رائے کے اصول کو تسلیم کرتے ہوئے ساتھیوں سے مشورہ کرتا تو صورت حال مختلف ہوتی۔ انہوں نے کہا کہ این ڈی پی کی علیحدگی کے بعد قومی اتحاد نئے بحران سے دوچار ہو گیا ہے اور یہ کوئی راز نہیں کہ قومی اتحاد کا شیرازہ بکھرنے کے بعد مزید اپنے ساتھیوں کو قربان کیا جا رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ چیف مارشل لاء ایڈمنسٹریٹر کو قومی اتحاد کے اقتدار پرست ٹولے پر اعتماد کرنے کی بجائے حقیقت حال کا اعتراف کر لینا چاہیے کیونکہ یہ لوگ عوام کے نمائندے نہیں ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ملک کے حالات کو بہتر بنانے کے لئے عام انتخابات کی قطعی تاریخ کا اعلان کر دیا جائے۔

انہوں نے کہا کہ میں نے مثل کیمبل پور پراجیکٹ ایریا میں خواجہ آباد شریف سے کرپالی تک پانچ میل لمبی سڑک گاؤں کی خستہ حالی کا معائنہ کیا ہے۔ شہر کے دونوں کناروں کسی وقت بھی ٹوٹ سکتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اگر اس کو پختہ کرنے کا مطالبہ تسلیم کر لیا گیا تو اس سے دونوں کنارے محفوظ ہو جائیں گے اور علاقہ میں زرعی معیشت کو فائدہ پہنچے گا۔



نیشنل ڈیموکریٹک پارٹی کے رہنما خان عبدالولی خان لندن سے واپسی پر اسلام آباد ہوائی اڈے پر اپنے مداحوں میں گھرے ہوئے ہیں

قومی اتحاد سے علیحدگی کا فیصلہ حتمی ہے

بات اصول کی ہے مفتی صاحب کے بیانات ہمارا ذہن تبدیل نہیں کر سکتے: شیرباز مزاری


کراچی ——— نیشنل ڈیموکریٹک پارٹی کے سربراہ سردار شیرباز مزاری نے کہا ہے کہ پاکستان قومی اتحاد سے علیحدگی کا فیصلہ حتمی اور ناقابل تنسیخ ہے۔ ایک انٹرویو کے دوران ان کی توجہ مولانا مفتی محمود کے اس بیان کی جانب مبذول کرائی گئی جس میں انہوں نے این ڈی پی پر اپنے فیصلے پر نظرثانی کے لئے زور دیا ہے تو مسٹر مزاری نے کہا ہماری پارٹی ہمیشہ اصول کی حامی رہی ہے اور یہ جمہوری پارٹی ہے۔ اس لئے یہ کسی غیر منتخب حکومت میں شامل نہیں ہو سکتی۔ انہوں نے اس الزام کی تردید کی کہ ان کی جماعت اپنے موقف سے ہٹ گئی ہے اور کہا اصل صورت حال اس کے برعکس ہے۔ قومی اتحاد کے رہنماؤں نے ایک غیر منتخب حکومت میں شمولیت کا فیصلہ کیا ہے۔ مفتی محمود کے ان ریمارکس کے بارے میں کہ اتحاد سے علیحدہ ہو کر این ڈی پی خسارے میں رہے گی مسٹر مزاری نے کہا میں اس سے زیادہ کچھ نہیں کہنا چاہتا وقت ثابت کر دے گا کہ ہم نے صحیح فیصلہ کیا تھا۔ مفتی صاحب کا یہ بیان ہمارا ذہن نہیں بدل سکتا۔

اگلے ماہ کے وسط میں پاکستان اور بھارت پر ٹڈی دل کے بڑے حملے کا شدید خطرہ

مغربی بھارت میں ٹڈیوں کا ایک بڑا دل دیکھا گیا

لندن ——— (بی بی سی) بھارت کے مغربی حصے میں ایک بڑا ٹڈی دل دیکھا گیا ہے جس نے بڑی تیزی کے ساتھ انڈے دینے شروع کر دیئے ہیں۔ اس لئے بھارت اور پاکستان پر ٹڈی دل کے بڑے حملے کا شدید خطرہ پیدا ہو گیا ہے۔ ٹڈی دل کے انسداد کے عالمی مرکز نے تین دن پہلے ٹڈی دل کے حملے سے بھارت کو خبردار کر دیا تھا۔ یہ ٹڈی دل ایتھوپیا میں پیدا ہوا تھا جہاں جنگ کی وجہ سے اس کے خلاف کارروائی نہ ہو سکی۔ اب صومالیہ میں جہاں ان کے خلاف کارروائی ممکن نہیں۔ بھارتی اور پاکستانی حکام اب روزانہ رابطہ قائم کرتے اور معلومات کا تبادلہ کر رہے ہیں۔ لیکن اس امر کا خدشہ ہے کہ فوجی جہاز مل کر بھی بڑے پیمانے پر کارروائی کریں تو بھی شاید وہ ٹڈی دل کا مقابلہ نہ کر سکیں۔ خطرہ ہے کہ اگلے ماہ کے وسط میں ٹڈی دل کا بڑا حملہ متوقع ہے۔ پچھلے دنوں دو بڑے ٹڈی دل پاکستان اور بھارت کی سرحد پر دیکھے گئے یہ ٹڈی دل جنگلوں کے اندر انڈے دے رہے ہیں۔

۲۴ ارکان پر مشتمل نئی سویلین وفاقی کابینہ نے حلف اٹھا لیا: کوئی فوجی کابینہ میں شامل نہیں











اے کے بروہی — غلام اسحٰق خان — محی الدین بلوچ — خواجہ صفدر — مصطفےٰ گوکل — فدا محمد خان — پروفیسر غفور احمد

بروہی، فدا محمد خان، مصطفےٰ گوکل، محمود ہارون، محمد خان جونیجو، ہوتی، محی الدین بلوچ، شریف الدین پیرزادہ، خواجہ صفدر، زاہد سرفراز، ظہور الٰہی، میر صبح صادق خان کھوسو، محمد علی، جاوید ہاشمی، حمید ڈی حبیب شامل ہیں۔ آغا شاہی بطور وزیر مملکت امور خارجہ کے مشیر ہونگے۔




چودھری رحمت الٰہی — محمود اعظم فاروقی — ڈاکٹر اسرار احمد / افتخار احمد انصاری — زاہد سرفراز

جنرل ضیاء الحق سربراہِ حکومت ہوں گے

سابق فوجی وزراء کو ان کی خواہش پر کابینہ میں شامل نہیں کیا گیا

صدر فضل الٰہی چودھری نے نئی کابینہ کے ارکان سے حلف لیا

مسلم لیگ کو ۵، جماعت اسلامی اور جمعیت علمائے اسلام کو تین تین اور پی ڈی پی کو دو وزارتیں ملیں

راولپنڈی ۲۳ اگست (اپ پ/ اپ نیپا) آج یہاں ۲۴ رکنی نئی سویلین وفاقی کابینہ نے حلف اٹھا لیا۔ کابینہ میں ۱۸ وزیر اور ۶ وزراء مملکت ہیں۔ صدر فضل الٰہی چودھری نے سٹیٹ گیسٹ ہاؤس میں کابینہ کے ارکان سے حلف لیا۔ نئی کابینہ میں کوئی فوجی شامل نہیں ہے۔ ...

فضل الٰہی چودھری نے کبھی استعفیٰ نہیں دیا۔ نیا صدر منتخب ہونے تک وہ اپنے فرائض ادا کرتے رہیں گے۔ جنرل ضیاء الحق

راولپنڈی ۲۳ اگست (پ پ) چیف مارشل لاء ایڈمنسٹریٹر جنرل ضیاء الحق نے اس خبر کی تردید کی ہے کہ صدر فضل الٰہی چودھری نے استعفیٰ دے دیا تھا۔ یہاں پریس کانفرنس میں ایک سوال کا جواب دیتے ہوئے جنرل ضیاء الحق نے کہا کہ صدر نے کبھی بھی استعفیٰ نہیں دیا۔ وہ اس وقت تک یہ فرائض ادا کرتے رہیں گے جب تک کہ نیا صدر منتخب نہیں کر لیا جاتا۔ چیف مارشل لاء ایڈمنسٹریٹر نے اس امر پر افسوس کا اظہار کیا کہ سرکاری تصدیق حاصل کئے بغیر ہی اس قسم کی خبریں شائع کی گئیں۔ جنرل ضیاء الحق نے کہا کہ اگرچہ آئین میں صدر کے عہدے کی مدت پانچ برس ہے لیکن اس کے ساتھ یہ بات بھی موجود ہے کہ جب تک نیا صدر منتخب نہ ہو جائے صدر کو اپنے ...



... آخری مرحلے پر حکومت میں شامل نہ ہونے کا فیصلہ کر دیا اور سردار عبدالقیوم خاں کی آل جموں و کشمیر مسلم کانفرنس اس وقت محاسبے کے مراحل سے گزر رہی ہے۔

دفاع کا اہم ترین محکمہ کسی ایک سویلین کو دیا گیا ہے: جنرل ضیاء الحق

راولپنڈی ۲۳ اگست (پ پ) آج شام جنرل ضیاء الحق جب نئی وفاقی کابینہ کا اعلان پریس کانفرنس میں کر رہے تھے تو ...

لندن کے سٹور میں مجھ پر چوری کا الزام محض تعصب کی وجہ سے لگایا گیا: بیگم نسیم ولی خان

برطانوی نظامِ عدل اصلاح طلب ہے: بے گناہ افراد کے ساتھ انصاف ہونا چاہیئے مجھ پر چوری کے الزام کی خبر لندن کے اردو اخبار ملت نے ایک انگریز دپورٹر سے دو ہزار پونڈ میں خریدی

حکومتِ پاکستان اور پاکستانی اخبارات کا کردار افسوسناک تھا

یہ میری نہیں پاکستانی قوم کی توہین تھی: وطن واپس پہنچنے پر بیان

کراچی ——— (اے پی پی) نیشنل ڈیموکریٹک پارٹی کی نائب صدر بیگم نسیم ولی خان نے کہا ہے کہ لندن کے ایک سٹور میں ان پر چوری کا الزام لگا کر انہیں تعصب کا شکار بنایا گیا ہے۔ انہوں نے آج وطن واپس پہنچنے پر برطانوی نظام عدل پر کڑی نکتہ چینی کی اور کہا کہ اس کے تحت خصوصاً دکانوں سے چوری سے متعلق رجحانات نظرثانی کی محتاج ہیں تاکہ بے گناہ لوگوں کے ساتھ پورا پورا انصاف ہو سکے۔ اخبار نویسوں کے ساتھ گفتگو کرتے ہوئے بیگم نسیم ولی خان نے حکومت پاکستان اور ...

... انہوں نے کویت کی ایک شہزادی اور قائم مقام گورنر سندھ کی اہلیہ کی مثال پیش کی جنہیں الزام کے افسوسناک الزام میں ملوث کیا گیا۔ انہوں نے ایک سوال کے جواب میں انکشاف کیا کہ ...

ملکہ برطانیہ کو کینیڈا کا سربراہ مملکت نہیں ہونا چاہیئے

اٹاوہ ——— (اے پی) کینیڈا کی پارلیمینٹری کمیٹی نے ایک رپورٹ شائع کی ہے ... رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ ملکہ الزبتھ دولت مشترکہ کی سربراہ ہیں اور کینیڈا کا سربراہ مملکت کینیڈا کے کسی شہری کو ہونا چاہیئے جسے چار سال ... مدت کے لئے منتخب کیا ہو۔

(مزید صفحہ ۲ پر)

چین کے سفیر کی چوہدری ظہور الٰہی سے ملاقات

اسلام آباد ——— (اے پی پی) عوامی جمہوریہ چین کے سفیر مسٹر ... نے آج وفاقی وزیر محنت و افرادی قوت چوہدری ظہور الٰہی سے ملاقات کی اور کچھ دیر ان کے ساتھ رہے۔

کراچی کے ایٹمی بجلی گھر کے لیے فاضل پرزے پاکستان میں تیار کیے جائیں گے

امداد بند ہونے کے بعد ایٹمی فاضل پرزوں کا حصول مشکل ہو گیا تھا

ایٹمی توانائی کمیشن کے منصوبوں کی تکمیل کے لیے زیادہ سے زیادہ ملکی سامان استعمال کیا جائیگا


کراچی ——— (اے پی پی) پاکستان کے ایٹمی توانائی کمیشن نے کراچی کے ایٹمی بجلی گھر کے لیے بھاری تعداد میں فاضل پرزے تیار کرنے ہیں۔ یہ پرزے بجلی گھر کو چالو رکھنے کے لیے ازحد ضروری ہیں۔ مگر جب دسمبر ۱۹۷۶ء میں کینیڈا نے پاکستان کو ایٹمی امداد دینا بند کر دی تو ان پرزوں کا حصول بڑا مشکل ہو گیا تھا۔ کمیشن کے باخبر ذرائع نے بتایا ہے کہ کمیشن نے ...

چین پاکستان کو ایٹمی توانائی کے سلسلے میں فنی امداد دیگا

بھارتی وزیر خارجہ چینی حکام سے بات چیت کریں گے

مینار پاکستان کے ساتھ اقبال پارک میں ایک عظیم الشان ثقافتی اور تفریحی مرکز تعمیر کیا جائے گا

بڈھے راوی کا رخ موڑ کر اسے صاف شفاف پانی کی جھیل میں بدلنے کا منصوبہ



لاہور ——— (ریڈیو رپورٹ) اقبال پارک میں مینار پاکستان کے ساتھ ایک ثقافتی اور تفریحی کمپلیکس کی تعمیر کے کام کا ابتدائی جائزہ لینے کے بعد اب ڈیزائن کی تیاری کا کام شروع کر دیا گیا ہے۔ تاریخی مینار پاکستان کے ساتھ تفریحی پارک کے اس منصوبے پر ایک کروڑ ... روپے خرچ کیے جائیں گے ...

چین نے پاکستان کو ایٹمی ری پراسیسنگ ٹیکنالوجی مہیا کرنے کی پیشکش کی تھی

کنگ سیاؤ نے دورۂ پاکستان کے دوران یہ پیشکش کی تھی

لندن ——— چین نے استعمال شدہ ایٹمی ایندھن کی ری پراسیسنگ اور خالص یورینیم کے حصول کے لئے پاکستان کو ٹیکنالوجی فراہم کرنے کی پیشکش کی ہے۔ کراچی کے ایک اخبار کے مطابق چین کے نائب وزیر اعظم کنگ پیاؤ نے اپنے حالیہ دورۂ پاکستان کے دوران یہ پیشکش کی تھی ...

قومی اتحاد برقرار رہے گا اور اسلامی نظام کے قیام کی جدوجہد جاری رہے گی: مفتی محمود

لاہور ——— (اپنے سٹاف رپورٹر سے) پاکستان قومی اتحاد کے صدر مولانا مفتی محمود نے کہا ہے کہ قومی اتحاد برقرار رہے گا اور ہم ملک میں اسلامی نظام کے قیام کی بھرپور جدوجہد کرتے رہیں گے۔

روس پاکستان کو رولنگ مل مہیا کرے گا

کراچی ——— (اے پی پی) سوویت یونین پاکستان کو ایک رولنگ مل مہیا کرے گا ...

مراد خان جمالی کے قاتل گرفتار کر لیے گئے

قتل اراضی کے تنازعے کی بنا پر ہوا

کوئٹہ ——— (ریڈیو رپورٹ) آج یہاں بلوچستان کے انسپکٹر جنرل پولیس نے پولیس کانفرنس میں بتایا کہ بلوچستان کے معروف سیاستدان میر مراد خان جمالی کے قتل کا معمہ حل کر لیا گیا ہے اور اس قتل کے سلسلے میں چار افراد عبدالواحد، جان خان، عبدالرحیم اور حاجی گرفتار کر لیے گئے ہیں ...

صحافت کے نام پر ملکی مفادات کے منافی سرگرمیاں ختم کر دی جائیں

فیصل آباد ——— (اے پی پی) فیصل آباد کے صحافیوں کی یونین کے صدر ... اور جنرل سیکرٹری ...

راولپنڈی ——— (نمائندہ خصوصی) جنرل محمد ضیاء الحق نے کہا ہے کہ لیبیا کے نائب صدر عبدالسلام احمد جالود کے ساتھ سابق وزیر اعظم بھٹو کے بارے میں قطعاً کوئی بات چیت نہیں ہوئی۔ لیبیا کے نائب صدر کو الوداع کہنے کے بعد اخبار نویسوں سے بات چیت کے دوران جنرل ضیاء سے سوال کیا گیا ...

کراچی ——— (اے پی پی) حرمین شریفین ... سعودی عرب ...

آج سے محدود سیاسی سرگرمیوں کی اجازت ہوگی

نئی کابینہ نظام اسلام کے نفاذ کے لیے اپنی کوششیں جاری رکھے گی: سویلین حکومت کا قیام منتخب نمائندوں کو اقتدار منتقل کرنے کی طرف ایک اہم قدم ہے

ملکی معیشت کو مستحکم بنانے کے لیے اقدامات تیز تر کر دیے جائیں گے

فوجی کونسل بدستور اعلیٰ ترین ادارے کی حیثیت سے کام کرتی رہے گی

۱۹۷۹ء انتخابات کا سال ہے: جلسے جلوسوں پر پابندی برقرار رہے گی

محدود سیاسی سرگرمیوں کی بحالی کے بارے میں مارشل لاء آرڈر جاری کیا جا رہا ہے: چیف مارشل لاء ایڈمنسٹریٹر

راولپنڈی ۲۳ اگست (اے پی پی) مسلح افواج کے سربراہ اور چیف مارشل لاء ایڈمنسٹریٹر جنرل محمد ضیاء الحق نے ۱۷ رکنی کابینہ کا اعلان کیا۔ ان میں سے بیشتر کو پاکستان قومی اتحاد کے رہنماؤں میں سے لیا گیا ہے۔ نئی کابینہ میں مسلح افواج کے کسی جنرل کو شامل نہیں کیا گیا۔ نئی کابینہ کے حلف اٹھانے کے فوراً بعد ایک پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے جنرل ضیاء الحق نے نئی کابینہ کے منشور کا اعلان کیا جو تین اہم نکات پر مشتمل ہے۔ انہوں نے اعلان کیا نئی حکومت کا پہلا اور سب سے اہم کام یہ ہوگا کہ وہ ملک میں نظام مصطفیٰ کے نفاذ کا مقصد حاصل کرنے کے لئے اپنی مساعی تیز کر دے۔ انہوں نے عوام سے اپیل کی کہ اس مقصد کے حصول کے سلسلے میں وہ اللہ تعالیٰ کے حضور کامیابی کی دعا کریں۔ جنرل ضیاء الحق نے کہا نئی حکومت کے سامنے دوسرا اہم کام یہ ہوگا کہ وہ ایسے حالات پیدا کرے کہ ملک میں جلد از جلد انتخابات کرائے جا سکیں۔

انہوں نے کہا نئی حکومت کے پیش نظر تیسرا کام یہ ہے کہ وہ ملک کی معیشت کو اپنے پاؤں پر کھڑا کر دے۔ انہوں نے کہا میری رائے میں سیاسی استحکام اس وقت تک حاصل نہیں کیا جا سکتا جب تک قومی معیشت صحیح راہ پر نہ ڈال دی جائے۔ انہوں نے کہا جب میں معیشت کا ذکر کرتا ہوں تو بعض لوگ یہ کہہ سکتے ہیں کہ موجودہ حکومت مزید پانچ سال قائم رہنے کا ارادہ رکھتی ہے لیکن ہمارا ایسا کوئی ارادہ نہیں ہے اور حکومت کوشش کرے گی کہ وہ کم سے کم وقت میں قومی معیشت کو بحال کرے۔ جنرل ضیاء الحق نے ۱۹۷۹ء کو انتخابات کا سال قرار دیا۔ انہوں نے کہا ہماری یہ کوشش ہوگی کہ عام انتخابات اگلے سال اکتوبر تک کرائے جائیں۔ اس سے قبل انہوں نے کہا کہ سول حکومت کا قیام مسلح افواج کی اس خواہش کی تکمیل کی طرف ایک اہم قدم ہے کہ اقتدار عوام کے منتخب نمائندوں کو سونپ دیا جائے۔ جنرل ضیاء الحق نے اعلان کیا کہ کل جمعرات سے ملک میں محدود سیاسی سرگرمیوں کی اجازت ہوگی۔ انہوں نے کہا اس سلسلے میں کل وہ مارشل لاء کا ایک حکم جاری کریں گے۔ محدود سرگرمیوں میں پریس کانفرنس کا انعقاد، بیانات جاری کرنے اور چار دیواری کے اندر لاؤڈ سپیکر کے بغیر اجلاس منعقد کرنا شامل ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ اس حکم کی خلاف ورزی کرتے ہوئے کسی سیاسی سرگرمی کی اجازت نہیں دی جائے گی۔

جنرل ضیاء الحق نے کہا محدود سیاسی سرگرمیوں کی اجازت دینے کا مقصد یہ ہے کہ مکمل جمہوریت کی طرف بتدریج بڑھا جا سکے۔ عام انتخابات جمہوریت کا ایک اہم حصہ ہیں جو اگلے سال اکتوبر میں ہوں گے۔ صحیح تاریخ اور مہینے کا اعلان بعد میں کیا جائے گا۔ جنرل ضیاء الحق نے کہا پاکستان کا قیام رمضان المبارک کے مقدس مہینے میں عمل میں آیا تھا۔ نئی کابینہ کا قیام جو حصول پاکستان کے مقاصد حاصل کرنے کے لئے قائم کی گئی ہے رمضان المبارک میں وجود میں آئی ہے۔ انہوں نے توقع ظاہر کی کہ موجودہ حکومت اپنے مشن میں کامیاب رہے گی۔ انہوں نے کہا میرے فوجی ساتھیوں نے یہ درخواست کی تھی کہ انہیں وزارتی ذمہ داریوں سے سبکدوش کر دیا جائے۔ اس سے لوگوں کے ذہنوں سے وہ تمام شکوک و شبہات دور ہو جانے چاہئیں جو انہیں فوج کی نیت کے بارے میں ہیں۔ انہوں نے کہا سول انتظامیہ چلانے کے لئے فوجی جرنیلوں نے ان سے بھرپور تعاون کیا ہے۔

انہوں نے کہا آج میری ۵ جولائی کی کابینہ مستعفی ہو گئی ہے۔ انہوں نے ان وزراء کو بھرپور خراج تحسین ادا کیا جو نئی کابینہ میں شامل نہیں کئے جا سکے۔ انہوں نے فوجی جرنیلوں کی خصوصی طور پر تعریف کی جنہوں نے رضاکارانہ طور پر سبکدوش ہونے کی درخواست کی تاکہ وہ اپنے پیشہ وارانہ فرائض احسن طریقے سے سرانجام دے سکیں جن فوجی جرنیلوں کو نئی کابینہ میں نہیں لیا گیا ان میں لفٹیننٹ جنرل فیض علی چشتی، لفٹیننٹ جنرل غلام حسن خان اور میجر جنرل جمال سعید میاں شامل ہیں۔ انہوں نے کہا جرنیلوں کی کابینہ سے عدم موجودگی یہ بات ظاہر کرتی ہے کہ فوج کو سیاست سے کوئی دلچسپی نہیں ہے اور وہ انتخابات کرانے اور اقتدار عوام کے منتخب نمائندوں کو سونپنے میں دلچسپی رکھتی ہے۔

جنرل ضیاء الحق نے کہا متعدد اہم سیاسی رہنما کابینہ میں شامل نہیں ہوئے لیکن ان کی تمام تر ہمدردیاں حکومت کے ساتھ ہیں۔ انہوں نے کہا کل سے محدود سرگرمیوں کی جو اجازت دی جا رہی ہے ان کے تحت جلسوں جلوسوں کی اجازت نہیں ہوگی۔

پاکستان کی شمال مغربی سرحد پر آزاد قبائل کے خلاف افغانستان کی فوجی کارروائی

پرچم پارٹی کے سربراہ ببرک کارمل اور افغان فوج میں مقابلہ: چار افراد مارے گئے

لندن (بی بی سی) بی بی سی کے نامہ نگار کی اطلاع کے مطابق افغانستان نے پاکستان کی شمال مغربی سرحد پر آزاد قبائل کے خلاف فوجی کارروائی کی ہے۔ اس کے بارے میں تفصیلات نہیں بتائی گئیں۔ بی بی سی کے نامہ نگار انتھونی ہائن نے ایک مراسلے میں بتایا ہے کہ پرچم پارٹی کے سربراہ ببرک کارمل کو سفیر بنا کر باہر بھیج دیا گیا تھا۔ گذشتہ دنوں وہ ماسکو سے اچانک کابل پہنچ گئے۔ ہوائی اڈے پر ان کے ساتھ افغان فوج کا مقابلہ ہوا جس میں ببرک کارمل کے چار ساتھی مارے گئے اور انہیں گرفتار کر لیا گیا۔ ابھی اس واقعہ کی تصدیق نہیں ہوئی۔

یوم پاکستان
۱۴ اگست کی بجائے
۲۷ رمضان کو
منایا جانا چاہیئے:
.. ضیاء الحق

راولپنڈی ــــ چیف مارشل لاء ایڈمنسٹریٹر جنرل محمد ضیاء الحق نے کہا ہے کہ میری ذاتی خواہش ہے کہ قیام پاکستان کا دن ۱۴ اگست کی بجائے ۲۷ رمضان المبارک کو منایا جائے۔ انہوں نے کہا، ۲۷ رمضان المبارک کا دن نہ صرف مذہبی طور پر بلکہ قومی زندگی میں بھی مقدس دن ہے۔ جنرل ضیاء الحق نے کہا رمضان المبارک کے مہینے کی جا سے لئے دوہری اہمیت ہے۔ ایک تو نزول ہدایت قرآن حکیم اس مبارک مہینے میں نازل ہونا شروع ہوا جس نے ہماری اور دوسرے کروڑوں انسانوں کی زندگی بدل کے رکھ دی۔ دوسرے اسلام کے نام پر قائم ہونے والا ملک یعنی ہمارا پاکستان اس مہینے میں معرض وجود میں آیا۔ وہ اصل پاکستان کا یوم ولادت ۲۷ رمضان المبارک ہے۔ میری ذاتی خواہش ہے کہ یوم پاکستان ہر سال ۲۷ رمضان المبارک کو منائیں گویا رمضان المبارک کا مہینہ ہماری مذہبی اور قومی زندگی کا سنگ میل ہے۔

غفار خان عنقریب روس روانہ ہو جائیں گے

پشاور ــــ (نمائندہ خصوصی) سابق خدائی خدمتگار خان عبدالغفار خان جو ان دنوں جلال آباد (کابل) میں ہیں علاج کے لئے عنقریب روس جانے والے ہیں۔ سابق سینیٹر غلام احمد بلور کے مطابق خان عبدالغفار خان کے گھٹنوں میں ابھی تکلیف ہے وہ گزشتہ ماہ روس جانے والے تھے لیکن افغان حکومت نے یہ موقف اختیار کیا تھا کہ وہ افغانستان میں دیرینہ مقیم ہیں جبکہ ان کا پاسپورٹ پاکستان کا بنا ہوا ہے انہیں پاکستان ہی میں روس کے لئے ویزا اور متعلقہ کاغذات تیار کرانے چاہئیں۔ چنانچہ خان عبدالغفار خان نے اپنا پاسپورٹ افغانستان میں پاکستان کے سفیر کے حوالے کر دیا ہے۔ پاکستان سے روس کے لئے ویزا اور دیگر متعلقہ کاغذات تیار ہو جانے کے بعد وہ روس روانہ ہو جائیں گے۔

گفٹ سکیم کے تحت ایئر کنڈیشنر ریفریجریٹر موٹر سائیکل سکوٹر اور ٹیلیویژن درآمد کرنے کی اجازت

غیر ضروری اشیاء کو فری لسٹ سے خارج کر دیا گیا

گفٹ سکیم کے تحت درآمدی اشیاء پر معمول کے مطابق ڈیوٹی وصول کی جائے گی

درآمد و برآمد کے فرق کو دور کرنے کے لیئے درآمدی پالیسی کو بہتر اور معقول بنانے کا فیصلہ

خام مال درآمد کرنے کی حوصلہ افزائی کی جائے گی : وفاقی وزیر تجارت زاہد سرفراز کی پریس کانفرنس

راولپنڈی ——— (نمائندہ خصوصی) وفاقی وزیر تجارت مسٹر زاہد سرفراز نے آج یہاں پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے درآمدی پالیسی میں بعض اہم تبدیلیوں کا اعلان کیا انہوں نے کہا کہ گفٹ سکیم کے تحت ایئر کنڈیشنر ریفریجریٹر موٹر سائیکل [illegible] ٹیلیویژن سیٹ درآمد کرنے کی اجازت دے دی گئی ہے۔ تاہم [illegible] ان پر معمول کے مطابق درآمدی ڈیوٹی وغیرہ [illegible]

انہوں نے یہ بھی بتایا کہ حکومت تیار شدہ اشیاء درآمد کرنے کی بجائے خام مال درآمد کرنے کی حوصلہ افزائی کرے گی۔ حکومت نے درآمدات و برآمدات کے فرق کو دور کرنے کے لئے درآمدی پالیسی کا جائزہ لیکر اسے بہتر بنانے کے اقدامات کئے ہیں اور ان تمام اقدامات کا مقصد [illegible]

وفاقی وزیر تجارت نے بتایا کہ خصوصی تجاویز تیار کرتے وقت اس بات کا خیال رکھا گیا ہے کہ جیسے ہیں افراط زر کے رجحان پر بھی نظر رکھی جائے چنانچہ غیر ضروری اشیاء کو فری لسٹ سے نکال دیا گیا ہے اور حکومت نے فیصلہ کیا ہے کہ حسب ذیل اشیاء [illegible]

[illegible]

اس کے علاوہ غیر ملکوں میں رہنے والے پاکستانی باشندوں کو اجازت دی جائے گی کہ وہ ان ملکوں میں رقوم بھیجنے کی حد کے علاوہ [illegible] سکیم کے تحت اشیاء بھیج سکیں۔

[illegible] کا بھی جائزہ لے گی جہاں مقامی مصنوعات بعض معاملات میں درآمدی اشیاء کا مقابلہ نہیں کر سکتیں۔

کھر سے کہا گیا تھا کہ پاکستان آکر بات چیت کرے

سو سو پونڈ معاوضہ دیکر مظاہرے اکٹھے کئے گئے تھے ، لیفٹیننٹ جنرل چشتی

راولپنڈی ——— (نمائندہ خصوصی) وفاقی وزیر برائے اسٹیبلشمنٹ و امور کشمیر لیفٹیننٹ جنرل فیض علی چشتی نے بتایا ہے کہ انہوں نے لندن میں مسٹر غلام مصطفیٰ کھر سے کہا ہے کہ اگر انہیں کسی مسئلہ پر بات چیت کرنی ہے تو وہ پاکستان آکر بات کریں۔ جنرل چشتی گذشتہ روز پریذیڈنسی میں اخباری نمائندوں سے بات چیت کر رہے تھے انہوں نے اس بات پر اظہار افسوس کیا کہ بعض اخبارات نے [illegible]

[illegible]

غرض یہ کہ انگلستان میں اپنی خود ساختہ لیڈروں سے ملاقات کا بھی موقع ملا ہے مگر اخبارات نے حسب معمول اس ملاقات کو غلط رنگ دیا ہے۔ ایک سوال کے جواب میں انہوں نے بتایا کہ ان کے دورہ انگلستان کے نتیجہ میں وہاں مقیم پاکستانیوں کے مسائل بہت حد تک دور ہو گئے ہیں۔

پاکستان چین کیلئے مال بردار جہاز تیار کریگا

کراچی ——— (پ پ ا) پی پی آئی کو معلوم ہوا ہے کہ پاکستان عوامی جمہوریہ چین کے لیے ایک مال بردار جہاز تیار کرے گا۔ اس سلسلے میں ابتدائی مذاکرات کراچی شپ یارڈ اور متعلقہ چینی حکام سے پہلے ہی کر چکے ہیں۔ کراچی شپ یارڈ کی طرف سے چین کے لیے تیار کیا جانے والا یہ دوسرا جہاز ہوگا۔ پاکستان اس سے قبل ۱۲۵۰۰ ٹن وزنی جہاز چین کے لیے تیار کر چکا ہے۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

شمالی امریکہ میں اردو کا سب سے پہلا اور کثیر الاشاعت اخبار

پندرہ روزہ **کریسنٹ** انٹرنیشنل

ٹورنٹو کینیڈا

جلد: ۷ | ۲۸ رمضان ۱۳۹۸ھ | یکم ستمبر ۱۹۷۸ء | شمارہ: ۱۲

عید الفطر ایڈیشن



"اباّ سے باپ۔۔۔ خان صاحب جب اپنے خیال سے خدا کے لیے بیٹے کے گھر سے۔۔۔"

الٰہی پاکستان اسلامی نظام زندگی کی خیر و برکت کا گہوارہ بن جائے

آج کے دن ہمیں اعلائے کلمۃ الحق کی جد و جہد کے لیے تجدید عہد کرنا چاہیے

از ڈاکٹر سلیم فاروقی

ہر قوم میں تہوار منانے کا تصور قدیم سے موجود رہا ہے کبھی کسی جنگ میں فتح یا ملک کی تسخیر کا یادگار دن تہوار میں بدل گیا۔ موسم کی تبدیلی کو بھی تہوار کی صورت میں منایا جانے لگا۔ کسی سیاسی لیڈر کا یوم پیدائش یا یوم وفات بھی قومی تقریب کی حیثیت اختیار کر گیا لیکن اسلام کے ہاں تہوار کا تصور ان سب سے مختلف ہے۔ ہمارے یہاں تہوار کو عید منانا کہا جاتا ہے۔ جس کا لفظ عود سے مشتق ہے جس کے معنی ہیں بار بار لوٹ کر آنے والا۔ ہم ہر سال ماہ رمضان کے اختتام پر عید الفطر مناتے ہیں اور دوسری عید الاضحیٰ ہے۔ حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی مدینہ منورہ میں تشریف آوری سے پیشتر لوگ سال میں دو تہوار منایا کرتے تھے جن میں جاہلیت کی تہذیب کے مظاہر دیکھنے میں آتے تھے۔ یہ تہوار لہو و لعب کی نذر ہو جاتے تھے۔ حضور نے مسلمانوں کو فرمایا اللہ تعالیٰ نے خوشی منانے کے لئے تمہارے لئے دو دن مقرر کئے ہیں ایک عید الفطر دوسری عید الاضحیٰ۔ حقیقت یہ ہے کہ اجتماعی طور پر خوشی منانے کا جذبہ ایک فطری جذبہ ہے۔ اس سے تہذیبی تشخص میں مدد ملتی ہے۔

عید کی دعا

ان ارشادات نبوی کی روشنی میں آج دل کی گہرائیوں سے اجتماعات عید میں اللہ کے حضور گڑگڑا کر دعا مانگنے کی ضرورت ہے تاکہ اس ملک میں اسلام کی سربلندی ہو۔ حق کا بول بالا ہو۔ نظام مصطفیٰ ﷺ کا عملی نفاذ ہو اور پاکستان اسلامی نظام زندگی کی خیر و برکات کا گہوارہ بن جائے۔ دعا سے عمل جذبہ کو تقویت ملتی ہے چنانچہ اس عید سعید کا تقاضا یہ ہے کہ ہم اپنے اعمال کا احتساب کرتے ہوئے اپنے عمل کی زبان سے اللہ تعالیٰ کا پیغام دوسروں تک پہنچانے کا فریضہ ادا کرنا چاہیئے۔ پہلے اپنی ذات پر نظام مصطفیٰ ﷺ کو نافذ کر لینا چاہیے۔ سیرت کی پاکیزگی ہی دوسروں کو متاثر کرتی ہے۔ حضور نبی کریم ﷺ کا ارشاد ہے:

"تم مجھے تلاش کرنا چاہو تو غریبوں کی بستیوں میں ڈھونڈو میں وہاں موجود ہوں گا۔"

اندلس کی پچھلی صدی میں جیسے جیسے عرب عوام مسلم حکمرانوں سے الگ ہو کر اسلام کے تمدنی اور عادلانہ نظام کی راہ سے دور ہوئے لیکن ان تک پہنچنا انہیں اپنی بصیرت سے متاثر کرنا ان کے دشمنوں کا اہم مقصد رہا اور انہیں اسلام کے حق میں صحیح فیصلہ کرنے کا شعور عطا کرنا وقت کا اہم ترین تقاضا ہے۔ دیہی اور پسماندہ علاقوں میں چھوٹے چھوٹے طبقوں کے دہقانوں اور کاشتکاروں کے گھر گھر تک اسلام کی آواز پہنچانا ہمارا حق فریضہ ہے جس کی ادائیگی کے لئے ہمیں اپنا سب کچھ قربان کر دینا چاہیے۔

عید مبارک